دُعاءِ حضورُ القلب

للاسبوع (ہفتہ وار)

تصنیف

شیخ المشائخ امام وقت
حضرت مولانا خواجہ
خان محمد
رحمۃ اللہ علیہ

کے خلیفۂ مجاز

پیر طریقت
حضرت مولانا
مُحِبُّ اللہ
صاحب
دامت
برکاتہم العالیہ

خادم: خانقاہ سراجیہ سعدیہ نقشبندیہ

و

نزد کمشنری لورالائی بلوچستان (پاکستان)

فون: 0092-824-411082 موبائل: 0302-3807299 0333-3807299

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَكَفٰى وَسَلَامٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى اَمَّا بَعْدُ:

اهمیت دعا

بندہ ہر جہت سے اللہ تعالیٰ کا محتاج ہے صحت ودولت کا، عافیت وہدایت کا، دشمن سے حفاظت کا، آخرت میں جنت کا غرض ہر معاملہ میں بندہ اللہ کا محتاج ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ شفاء یا دولت یا مصائب سے عافیت یا دشمن سے حفاظت یا دین پر استقامت یا آخرت میں جنت نہیں عطا فرماتے تو کون ہے ان مقاصد میں کامیابی دینے والا؟

مخلوق کے ہاتھ میں اگر خیر ہوتی ڈاکٹر کو موت اور بیماری نہ آتی، دولت مند کو غربت نہ آتی، سردار افسر اور بادشاہ کو ذلالت اور مغلوبیت نہیں آتی۔ تو پتہ چلا کہ مخلوق کے ہاتھ میں نہ خیر ہے نہ شر۔ خیر، شر کا مالک صرف اور صرف اللہ تعالیٰ ہی ہیں جس کو خیر دیتا ہے روکنے والا کوئی نہیں ہوتا، جس کے لئے شر کا فیصلہ کرلے پھر اس شر کو دور کرنے والا کوئی نہیں ہوتا۔ لہذا ہمیں کیا کرنا چاہئے؟ شب وروز اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ رہنا چاہئے اللہ تعالیٰ سے مانگنا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ کے دربار میں عجز اور بندگی اور محتاجی کو پیش کرنا چاہئے حدیث شریف میں ہے "**الدعاء مخ العبادة**" دعا عبادت کا مغز ہے۔

قرآن پاک میں ہے **وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ ؕ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ**

(ترجمہ) اور جب تجھ سے پوچھیں میرے بندے مجھ کو سو میں تو قریب ہوں قبول کرتا ہوں دعا مانگنے والے کی دعا کو جب مجھ سے دعا مانگے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "**الدعاء مخ العبادة**" دعا عبادت کا مغز ہے یعنی عبادات کا مقصد یہ ہے کہ اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کے سامنے انتہائی عاجز ذلیل اور محتاج ظاہر کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کو بڑی قدرت بڑی عزت والا اور مشکل کشا سمجھتا ہے۔ اسی طرح دعاء کرنے میں اپنے آپ کو

انتہائی عاجز ذلیل اور محتاج اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کو بڑی قدرت بڑے رحم والا مہربان اور مشکل کشا سمجھتا ہے اور اپنے مقاصد میں دعا پیش کرتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے جس کے لئے دعا کا دروازہ کھل گیا اس کے لئے رحمت کے دروازے کھل گئے۔ (ترمذی شریف)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ سے اس کا فضل مانگو کیونکہ اللہ تعالیٰ کو یہ بات محبوب ہے کہ اس کے بندے اس سے دعا کریں اور مانگیں۔ اس بات کا انتظار کرنا کہ وہ بلا اور پریشانی کو اپنے کرم سے دور فرمائے گا اعلیٰ درجہ کی عبادت ہے۔ (ترمذی شریف)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تمھیں وہ عمل نہ بتاؤں جو تمہارے دشمنوں سے تمہاری حفاظت کرے اور تمہیں بھرپور روزی دلائے وہ یہ ہے کہ اپنے اللہ تعالیٰ سے دعا کیا کرو رات دن میں کیونکہ دعا مومن کا ہتھیار ہے (مسند ابو یعلی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو یہ چاہتا ہے کہ اس کی پریشانی کے وقت اس کی دعا قبول ہو اس کو فراخی کے وقت میں اللہ کی بارگاہ میں دعا کرتے رہنا چاہئے۔ (ترمذی شریف)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے ہاں کوئی چیز اور عمل دعا سے زیادہ عزیز نہیں۔ (ترمذی شریف)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو اللہ تعالیٰ سے نہ مانگے اللہ تعالیٰ اس سے ناراض ہوتے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارے پروردگار میں غایت درجہ کی صفت حیاء و کرم ہے جب بندہ اس کے آگے مانگنے کے لئے ہاتھ پھیلاتا ہے تو اس کو شرم آتی ہے کہ وہ ان کو خالی واپس کردے۔ (ترمذی شریف، ابوداؤد شریف)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا کی معمولی چیز جوتے کا تسمہ وغیرہ کے لئے بھی اللہ تعالیٰ سے سوال کرنے کا حکم فرمایا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ شخص جسے دعا کی توفیق دی جاتی ہے وہ قبولیت سے محروم نہ کیا جائے گا۔ (کنزالعمال،البیہقی)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت ہے کہ رات کے آخری تہائی حصہ میں اللہ تعالیٰ آسمان دنیا کی طرف (بلا کیف) نزول فرماتے ہیں اور ان کی طرف سے اعلان ہوتا ہے کہ ہے کوئی مانگنے والا کہ میں اس کو عطا کروں اور کوئی ہے بخشش طلب کرنے والا کہ میں اس کی بخشش کا فیصلہ کروں کوئی ہے مجھ سے دعا کرنے والا کہ میں اس کی دعا قبول کروں (مسلم شریف)

لہٰذا بندہ ناچیز محب اللہ عفی عنہ نے دعاؤں اور مناجات کے بارے میں دعاؤں کا مجموعہ تیار کیا اور اس کتاب کا نام **دعاء حضور القلب** ہے۔ اس میں اللہ تعالیٰ کے اسماء مبارکہ اور صفات جلیلہ کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ کو پکارنا ہے اور چالیس سے زائد ربنا یارب کی پکار سے پکارنا ہے جو ساری قرآنی دعائیں ہیں۔ بعض علماء کرام کے نزدیک (ربنا) اسم اعظم ہے اس لفظ کا معنیٰ ہے کہ ہمیں کامیاب اور عجیب طریقہ سے پالنے والا۔ ناپاک قطرہ سے ماں کے پیٹ میں آنکھ، کان، دل، دماغ، معدہ، گردہ وغیرہ وغیرہ کے ساتھ بغیر کسی ڈاکٹر کمپیوٹر اسباب کے اپنی قدرت کاملہ اور رحمت عجیبہ سے بنایا اور دنیا کے معاشرہ میں باہر لایا۔ موت تک کھانے پینے، بیوی، بچے، راحت، صحت، روشنی، اندھیری، گرمی، سردی، ہوا، پانی عقل سے بالاتر اللہ تعالیٰ نے انتظامات بنایا ہے یہ رب کے معنی میں آتا ہے۔ تو چالیس سے زیادہ ربنا میں اسی پالنے کو اشارہ اور قرآنی دعائیں بھی شامل ہیں۔ اسی طرح احادیث مبارکہ کی دعائیں بھی ہر منزل کے ساتھ مختلف قسم کی شامل کی ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس کتاب **دعاء حضور القلب** کو اپنے حضور دائمی اور رضا مندی کا واسطہ بنا دیں، اور دنیا آخرت کی کامیابی کا ذریعہ بنا دیں اور ہر روز پڑھنے کی توفیق نصیب کرے بندہ ناچیز محب اللہ عفی عنہ کے لئے اور عام ایمان والوں کے لئے آمین اور انکے لئے بھی جو آمین کہیں۔

مختصر تعارف دعاء حضور القلب

اس وظیفہ **دعاء حضور القلب** کی ہر منزل کی ابتدا میں اللہ جل جلالہ کو ایسی عجیب صفات مقدسہ سے پکارا گیا ہے کہ اس کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کے ساتھ دل میں خاص قسم کا حضور و یقین اور محبت و تعلق پیدا ہوتا ہے۔ ایک مرتبہ تو آپ خود اس کا تجربہ کریں۔ پھر صفات مقدسہ کے بعد قرآنی دعائیں شامل کی گئی ہیں جس کے ابتدا میں اللہ تعالیٰ کو اکتالیس مرتبہ ''ربنا'' یا ''رب'' سے پکارا ہے۔ جس کا معنی ہے کامیاب طریقے سے پالنے والے اے اللہ تو ہمیں ہمارا مقصود عطا فرما۔ قرآنی دعاؤں میں اللہ تعالیٰ ہمیں یہ بتاتا ہے کہ بندہ مجھ سے اس طریقہ سے دعا کرے جس طریقے سے میں نے بتایا ہے۔ جب اللہ تعالیٰ کے بتائے ہوئے طریقے سے دعا کریں گے تو پھر کیوں قبول نہیں ہوگی، سبحان اللہ۔ پھر احادیث مبارکہ کی بتائی ہوئی دعائیں ہیں۔ پھر مختلف مصائب سے پناہ ہے جو احادیث مبارکہ سے ثابت ہے۔ آخر میں تین چار عجیب کلمات میں درود شریف ہیں **مفید مشورہ:** تصوف کی مشہور کتاب ''**ایقاظ الھمم فی شرح الحکم**'' میں لکھا ہے کہ دعا کی توفیق کا مطلب یہ ہے کہ وہ شے اللہ تعالیٰ تمھیں دینا چاہتا ہے۔ میں آپ کو دھیان کے ساتھ وظیفہ **دعاء حضور القلب** کو ایک ہفتہ مکمل پڑھنے کی ترغیب دیتا ہوں۔ یعنی ہر دن کے لئے جو وظیفہ ہے وہ پڑھ لیں۔ پھر اگر اس کے پڑھنے سے دل میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص حضور و یقین و تعلق و محبت پیدا ہو اور دینی و دنیاوی ترقیات محسوس ہوں تو اس کو اکتالیس دن تک معمول بنانا چاہئے اکتالیس دن کے بعد اگر اس کے پڑھنے سے عجیب و غریب ترقیات و مقامات و حالات محسوس ہوں یعنی دینی و دنیاوی اچھے خاصے انوارات و فیوضات اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص تعلق پیدا ہو اور غیر اللہ دل سے نکلنا شروع ہو اور ہمیشہ پڑھنے کا شوق پیدا ہو تو اپنے مرشد کامل جس سے آپ بیعت ہیں اجازت لے لیں۔ اگر کسی مرشد کامل یعنی شرعی پیر سے بیعت نہیں ہیں تو شیخ المشائخ امام وقت حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب نور اللہ مرقدہ کے خلیفہ مجاز محب اللہ عفی عنہ لورالائی، بلوچستان، پاکستان والے سے فون پر اجازت لے لیں۔ اللہ تعالیٰ اس وظیفہ **دعاء حضور القلب** کے ذریعہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کو اپنی رضامندی اور دنیا و آخرت میں کامیابی و آسانی و ترقی نصیب فرمائے اور اس **دعاء حضور القلب** کو دل کی گہرائی سے قبولیت کے ساتھ معمول بنانے کی توفیق نصیب فرمائے، آمین۔ **نوٹ:** اگر **دعاء حضور القلب** عربی میں مشکل ہو تو ترجمہ پڑھ لیں، دل کا حضور اور بڑھ جائیگا۔

بندہ ناچیز محب اللہ عفی عنہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نَحْمَدُكَ يَا خَيْرَ مَأْمُوْلٍ وَّاَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ عَلٰى مَا عَلَّمْتَنَا

اے ان سب سے بہتر جن سے امید قائم کی جاسکتی ہے۔ اوران سب سے کریم تر جن سے کچھ طلب کیا جاسکتا

مِنْ دُعَآءِ حُضُوْرِ الْقَلْبِ وَالْمُنَاجَاةِ الْمَقْبُوْلِ مِنْ

ہے ہم تیری حمد کرتے ہیں کہ تو نے ہمیں دعا حضور القلب اور مناجات مقبول سکھائی جو اللہ

قُرُبَاتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُوْلِ فَصَلِّ عَلَيْهِ مَا

کے ہاں موجب قربت ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعائیں سکھائیں۔ تو (یااللہ) اُن (رسول) پر

اخْتَلَفَ الدَّبُوْرُ وَالْقَبُوْلُ وَانْشَعَبَتِ الْفُرُوْعُ مِنْ

رحمت کامل نازل فرما جب تک کہ پچھوا اور پُروا ہوائیں چلتی رہیں ، اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی

الْاُصُوْلِ۝ ثُمَّ نَسْئَلُكَ بِمَا سَنَقُوْلُ۝ وَمِنَّا السُّؤَالُ وَ

رہیں۔اس کے بعد ہم تجھ سے وہ طلب کرتے ہیں، جو ابھی (آگے) عرض کرتے ہیں ہمارا کام طلب کرنا

مِنْكَ الْقَبُوْلُ۝

ہے اور تیرا کام عطا کرنا ہے۔

يَاسَيِّدَ السَّادَاتِ ۞ يَا مُجِيْبَ الدَّعَوَاتِ ۞

اے سرداروں کے سردار — اے دعاؤں کے قبول کرنے والے

يَا وَلِيَّ الْحَسَنَاتِ ۞ يَا رَفِيْعَ الدَّرَجَاتِ ۞

اے نیکیوں کے والی — اے درجات کو بلند کرنے والے

يَاعَظِيْمَ الْبَرَكَاتِ ۞ يَا غَافِرَ الْخَطِيْئَاتِ ۞

اے بڑی برکتوں والے — اے خطاؤں کو معاف کرنے والے

يَا دَافِعَ الْبَلِيَّاتِ ۞ يَا سَامِعَ الْاَصْوَاتِ ۞

اے مصیبتوں کو دور کرنے والے — اے آوازوں کو سننے والے

يَامُعْطِيَ الْمَسْئُوْلَاتِ ۞ يَا عَالِمَ السِّرِّ وَالْخَفِيَّاتِ ۞

اے مانگی ہوئی چیزوں کے دینے والے — اے راز اور پوشیدہ چیزوں کے جاننے والے

يَا بَدِيْعَ السَّمٰوَاتِ ۞ يَا جَاعِلَ الظُّلُمَاتِ ۞

اے آسمانوں کے پیدا کرنے والے — اے تاریکیوں کو بنانے والے

یَا عَالِمَ الْخَفِیَّاتِ ۞ یَا رَاحِمَ الْعَبَرَاتِ ۞ یَا سَاتِرَ الْعَوَرَاتِ ۞

اے چھپی ہوئی چیزوں کو جاننے والے اے آنسوؤں پر رحم کرنے والے اے بے پردگیوں کو چھپانے والے

یَا کَاشِفَ الْبَلِیَّاتِ ۞ یَا مُحْیِیَ الْاَمْوَاتِ ۞ یَا ضَاعِفَ الْحَسَنَاتِ ۞

اے مصیبتوں کو ہٹانے والے اے مُردوں کو زندہ کرنے والے اے نیکیوں کو دُگنا کرنے والے

یَا مُنْزِلَ الْبَرَکَاتِ ۞ یَا شَدِیْدَ النَّقِمَاتِ ۞

اے برکات کو نازل کرنے والے اے سخت انتقام لینے والے

یَا رَبَّ الْاَرْبَابِ ۞ یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ ۞ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ ۞

اے تمام بادشاہوں کے رب اے دروازوں کو کھولنے والے اے اسباب پیدا کرنے والے

یَا مُعْطِیَ الثَّوَابِ ۞ یَا مُلْهِمَ الصَّوَابِ ۞ یَا مُنْشِئَ السَّحَابِ ۞

اے ثواب دینے والے اے درست الہام کرنے والے اے بادل اٹھانے والے

یَا شَدِیْدَ الْعِقَابِ ۞ یَا سَرِیْعَ الْحِسَابِ ۞ یَا مَنْ لَّهُ الْاِیَابُ ۞

اے سخت سزا دینے والے اے جلد حساب لینے والے اے وہ ذات جس کے لئے ہی واپسی ہے

۞ یَا غَفُوْرُ یَا تَوَّابُ ۞

اے معاف کرنے والے اے توبہ قبول کرنے والے

یَا مَنْ لَّهُ الْعِزُّ وَالْجَمَالُ ۞ یَا مَنْ لَّهُ الْمُلْكُ وَالْجَلَالُ ۞

اے وہ ذات جس کے لئے عزت اور خوبی ہے اے وہ ذات جس کے لئے بادشاہی اور بزرگی ہے

يَا مَنْ لَّهُ الْقُدْرَةُ وَالْكَمَالُ ۞ يَا مَنْ هُوَ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالُ ۞

اے وہ ذات جس کیلئے قدرت اور کمال ہے　　اے وہ ذات جو بڑی بلند و بالا ہے

يَا مَنْ هُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ ۞ يَا مَنْ هُوَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۞

اے وہ ذات جسکی پکڑ سخت ہے　　اے وہ ذات جو سخت سزا دینے والی ہے

يَا مَنْ هُوَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۞ يَا مَنْ هُوَ عِنْدَهُ حُسْنُ الثَّوَابِ ۞

اے وہ ذات جو جلد حساب لینے والی ہے　　اے وہ ذات جس کے پاس بہترین بدلہ ہے

۞ يَا مَنْ هُوَ عِنْدَهُ اُمُّ الْكِتَابِ ۞

اے وہ ذات جس کے پاس لوح محفوظ ہے

۞ يَا مَنْ هُوَ يُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ۞

اے وہ ذات جو بھاری بادلوں کو اُٹھاتا ہے

يَا ذَا الْجُوْدِ وَالْاِحْسَانِ ۞ يَا ذَا الْفَضْلِ وَالْاِمْتِنَانِ ۞

اے سخاوت اور احسان کرنے والے　　اے فضل اور انعام کرنے والے

يَا ذَا الْاَمْنِ وَالْاَمَانِ ۞ يَا ذَا الْقُدْسِ وَالسُّبْحَانِ ۞

اے امن و امان دینے والے　　اے تقدس اور پاکیزگی والے

يَا ذَا الْحِكْمَةِ وَالْبَيَانِ ۞ يَا ذَا الرَّحْمَةِ وَالرِّضْوَانِ ۞

اے حکمت اور بیان والے　　اے رحمت اور خوشنودی والے

يَا ذَا الْحُجَّةِ وَالْبُرْهَانِ ۞	يَا ذَا الْعَظَمَةِ وَالسُّلْطَانِ ۞
اے حجت اور برہان (دلیل) والے	اے عظمت اور سلطنت والے
يَا ذَا الْعَفْوِ وَالْغُفْرَانِ ۞	يَا ذَا الرَّأْفَةِ وَالْمُسْتَعَانِ ۞
اے معافی اور درگزر کرنے والے	اے مہربانی اور مدد کرنیوالے
يَا رَبَّ الْبَيْتِ الْحَرَامِ ۞	يَا رَبَّ الشَّهْرِ الْحَرَامِ ۞
اے بیت الحرام کے رب	اے شہر الحرام کے رب
يَا رَبَّ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۞	يَا رَبَّ الْبَلَدِ الْحَرَامِ ۞
اے مسجد حرام کے رب	اے بلد حرام (مکہ) کے رب
يَا رَبَّ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ ۞	يَا رَبَّ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ۞
اے رکن اور مقام کے رب	اے مشعر الحرام کے رب
يَا رَبَّ الْحِلِّ وَالْحَرَامِ ۞	يَا رَبَّ النُّوْرِ وَالظَّلَامِ ۞
اے حل اور حرم کے رب	اے روشنی اور تاریکی کے رب
يَا رَبَّ التَّحِيَّةِ وَالسَّلَامِ ۞	يَا رَبَّ الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۞
اے تحیہ اور سلام کے رب	اے بڑائی اور بزرگی کے (مالک) رب
يَا رَبَّ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ ۞	يَا رَبَّ النَّبِيِّيْنَ وَالْاَخْيَارِ ۞
اے جنت اور جہنم کے رب	اے انبیاء اور صلحاء کے رب

يَارَبَّ الصِّدِّيقِينَ وَالْاَبْرَارِ ۞ يَارَبَّ الصِّغَارِ وَالْكِبَارِ ۞

اے صدیقین اور نیکو کاروں کے رب — اے چھوٹوں اور بڑوں کے رب

يَارَبَّ الْحُبُوبِ وَالْاَثْمَارِ ۞ يَارَبَّ الْاَنْهَارِ وَالْاَشْجَارِ ۞

اے دانوں (غلوں) اور پھلوں کے رب — اے نہروں اور درختوں کے رب

يَارَبَّ الصَّحَارٰى وَالْقِفَارِ ۞ يَارَبَّ الْعَبِيدِ وَالْاَحْرَارِ ۞

اے بیابانوں اور چٹیل میدانوں کے رب — اے غلاموں اور آزادوں کے رب

يَارَبَّ الْاِعْلَانِ وَالْاِسْرَارِ ۞ يَارَبَّ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۞

اے ظاہر اور پوشیدہ کے رب — اے رات اور دن کے رب

۞ يَامَنْ تَوَاضَعَ كُلُّ شَيْءٍ لِّعَظَمَتِهٖ ۞

اے وہ ذات جسکی عظمت کے آگے ہر چیز جھکی ہوئی ہے

۞ يَامَنِ اسْتَسْلَمَ كُلُّ شَيْءٍ لِّقُدْرَتِهٖ ۞

اے وہ ذات جسکی قدرت کے آگے ہر چیز فرمانبردار ہے

۞ يَامَنْ ذَلَّ كُلُّ شَيْءٍ لِّعِزَّتِهٖ ۞

اے وہ ذات جسکی عزت کے آگے ہر چیز ذلیل ہے

۞ يَامَنْ خَضَعَ كُلُّ شَيْءٍ لِّهَيْبَتِهٖ ۞

اے وہ ذات جسکی ہیبت کے آگے ہر چیز عاجز ہے

يَا مَنِ انْقَادَ كُلُّ شَيْءٍ لِّمُلْكَتِهٖ

اے وہ ذات جسکی ملکیت کیوجہ سے ہر چیز تابع دار ہے

يَا مَنْ دَانَ كُلُّ شَيْءٍ مِّنْ مَّخَافَتِهٖ

اے وہ ذات جسکے خوف کیوجہ سے ہر چیز مطیع ہے

يَا مَنِ انْشَقَّتِ الْجِبَالُ مِنْ خَشْيَتِهٖ

اے وہ ذات جسکی خشیت سے پہاڑ پھٹ گئے

يَا مَنْ قَامَتِ السَّمٰوَاتُ بِاَمْرِهٖ

اے وہ ذات جسکے حکم سے آسمان قائم ہیں

يَا مَنِ اسْتَقَرَّتِ الْاَرْضُ بِاِذْنِهٖ

اے وہ ذات جسکی اجازت سے زمین ٹھہری ہوئی ہے

يَا مَنْ لَّا يَعْتَدِيْ عَلٰٓى اَهْلِ مَمْلَكَتِهٖ

اے وہ ذات جو اپنی رعایا پر ظلم نہیں کرتا

يَا مَنْ يُّحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهٖ ۞ يَا مَنْ لَّا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ

اے وہ ذات جو حق کو اپنے کلمات کیساتھ واضح کرتا ہے — اے وہ ذات جسکے حکم کو کوئی پیچھے ڈال نہیں سکتا

يَا مَنْ لَّا رَآدَّ لِقَضَآئِهٖ ۞ يَا مَنْ يَّحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ

اے وہ ذات جسکے فیصلے کو کوئی ٹال نہیں سکتا — اے وہ ذات جو بندہ اور اس کے دل کے درمیان حائل ہے

یا من یقبل التوبة عن عبادہ

اے وہ ذات جو اپنے بندوں کی توبہ کو قبول کرتا ہے

یا من لا تنفع الشفاعة الا باذنہ

اے وہ ذات جسکی اجازت کے بغیر سفارش فائدہ نہیں دے سکتی

یا من السموات مطویات بیمینہ

اے وہ ذات جسکے داہنے ہاتھ میں آسمان لپٹے ہوئے ہیں

یا من ھو اعلم بمن ضل عن سبیلہ

اے وہ ذات جو اپنی راہ سے بھٹکے ہوئے کو بہتر جانتا ہے

یا من یسبح الرعد بحمدہ والملٰئکة من خیفتہ

اے وہ ذات کہ تسبیح کرتا ہے رعد اسکی حمد کے ساتھ اور فرشتے اس کے ڈر سے

یا من یرسل الریاح بشرا بین یدی رحمتہ

اے وہ ذات جو ہواؤں کو خوشخبری بنا کر بھیجتا ہے اپنی رحمت (بارش) سے پہلے

یا من انعم بحولہ   یا من اکرم بطولہ

اے وہ ذات جو اپنی قدرت سے انعام کرتا ہے   اے وہ ذات جو اپنے فضل سے بخشش کرتا ہے

یا من عاد بلطفہ   یا من تعزز بقدرتہ

اے وہ ذات جو اپنی مہربانی کے ساتھ لوٹتا ہے   اے وہ ذات جو اپنی قدرت کیوجہ سے عزیز ہے

یَا مَنْ قَدَّرَ بِحِكْمَتِهٖ ۞ یَا مَنْ حَكَمَ بِتَدْبِیْرِهٖ ۞

اے وہ ذات جو اپنی حکمت سے اندازہ کرتا ہے اے وہ ذات جو اپنی تدبیر کے ساتھ حکم کرتا ہے

یَا مَنْ دَبَّرَ بِعِلْمِهٖ ۞ یَا مَنْ تَجَاوَزَ بِحِلْمِهٖ ۞

اے وہ ذات جو اپنے علم سے تدبیر کرتا ہے اے وہ ذات جو اپنی بردباری کیوجہ سے درگزر کرتا ہے

یَا مَنْ دَنَا فِیْ عُلُوِّهٖ ۞ یَا مَنْ عَلَا فِیْ دُنُوِّهٖ ۞

اے وہ ذات جو اپنی بلندی میں قریب ہے اے وہ ذات جو اپنے قریب ہونے میں بلند ہے

یَا مَنْ لَّا مَفَرَّ اِلَّآ اِلَیْهِ ۞ یَا مَنْ لَّا مَفْزَعَ اِلَّآ اِلَیْهِ ۞

اے وہ ذات جسکے علاوہ کوئی جائے فرار نہیں اے وہ ذات جسکے علاوہ کوئی جائے پناہ نہیں

یَا مَنْ لَّا مَلْجَاَ اِلَّآ اِلَیْهِ ۞ یَا مَنْ لَّا یُتَوَكَّلُ اِلَّا عَلَیْهِ ۞

اے وہ ذات جسکے علاوہ کوئی ٹھکانہ نہیں اے وہ ذات جسکے علاوہ کسی پر توکل نہیں

یَا مَنْ لَّا مَقْصَدَ اِلَّآ اِلَیْهِ ۞ یَا مَنْ لَّا مَنْجَاءَ اِلَّآ اِلَیْهِ ۞

اے وہ ذات جسکے علاوہ کوئی مقصود نہیں اے وہ ذات جسکے علاوہ کوئی جائے نجات نہیں

یَا مَنْ لَّا یُرْغَبُ اِلَّآ اِلَیْهِ ۞ یَا مَنْ لَّا یُعْبَدُ اِلَّآ اِیَّاهُ ۞

اے وہ ذات جسکے علاوہ کوئی مرغوب نہیں اے وہ ذات جسکے علاوہ کوئی معبود نہیں

یَا مَنْ لَّا یُسْتَعَانُ اِلَّا مِنْهُ ۞ یَا مَنْ لَّا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِهٖ ۞

اے وہ ذات جسکے علاوہ کوئی مددگار نہیں اے وہ ذات جسکے علاوہ کسی میں گناہ سے پھیرنے اور نیکی پر طاقت دینے کی قوت نہیں

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا

اے رب ہمارے دے ہمیں دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھلائی اور بچا ہمیں

عَذَابَ النَّارِ ﴿۲۰۱﴾ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ

دوزخ کے عذاب سے۔ اے رب ہمارے ڈال دے ہم پر صبر اور جما

اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۵۰﴾ رَبَّنَا لَا

ہمارے قدم اور غالب کر ہم کو کافر لوگوں پر۔ اے رب ہمارے نہ

تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ

پکڑ ہم کو اگر بھول جائیں یا چوک جائیں، اے رب ہمارے اور نہ رکھ ہم پر

اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا

بوجھ بھاری جیسا کہ رکھا تھا ہم سے پہلے لوگوں پر ، اے رب ہمارے اور نہ

تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۥ وَاغْفِرْ لَنَا ۥ

اُٹھوا ہم سے وہ چیز جس کی طاقت ہم کو نہیں، اور درگزر کر ہم سے، اور بخش دے ہمیں،

وَارْحَمْنَا ۥ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۶﴾ البقرة ۲

اور رحم کر ہم پر، تو ہی ہمارا مالک ہے تو غالب کر ہم کو کافر لوگوں پر

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ

اے رب ہمارے نہ پھیر ہمارے دل کو بعد ہدایت کرنے کے اور دے ہمیں اپنے

لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿٨﴾ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا

پاس سے ایک رحمت ، بیشک تو ہی دینے والا ہے۔ اے رب ہمارے ہم ایمان لائے ہیں

فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿١٦﴾ رَبَّنَا مَا

بخش دے ہمارے گناہ اور بچا ہم کو دوزخ کے عذاب سے۔ اے رب ہمارے تو نے

خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿١٩١﴾

یہ عبث نہیں پیدا کیا، تو پاک ہے پس بچا ہمیں دوزخ کے عذاب سے۔

رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ۭ وَمَا

اے رب ہمارے تو جسے دوزخ میں ڈالے تو تو نے ضرور اُسے رسوا کر دیا ، اور

لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿١٩٢﴾ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ

سیاہ کاروں کا کوئی ساتھی نہیں۔ اے رب ہمارے ہم نے ایک پکارنے والے کو ایمان کے لئے

لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا

پکارتے ہوئے سنا کہ اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ سو ہم ایمان لے آئے، اے رب ہمارے اب

ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ﴿١٩٣﴾

ہمارے گناہ بخش دے اور ہماری برائیوں کو اتار دے اور ہمارا نیکوں کے ساتھ خاتمہ کر۔

رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ

اے رب ہمارے اور دے ہمیں جو اپنے رسولوں کی معرفت تو نے ہم سے وعدہ کیا اور ہمیں قیامت کے

الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۱۹۴﴾ رَبَّنَا ظَلَمْنَآ

دن رسوا نہ کر، کہ تو وعدہ کو خلاف نہیں کرتا۔ اے رب ہمارے ہم نے اپنی جانوں پر زیادتی

اَنْفُسَنَا ٚ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ

کی ، اور اگر تو ہمیں نہ بخشے گا اور ہم پر رحم نہ کرے گا تو ہم نامرادوں میں

الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّ تَوَفَّنَا

سے ہو جائیں گے۔ اے رب ہمارے ہم پر صبر ڈال دے اور مسلمان کر کے موت

مُسْلِمِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ

دے۔ تو ہی ہے ہمارا مددگار پس بخش دے ہم کو اور رحم کر ہم پر اور تو

خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ ﴿۱۵۵﴾ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ

سب سے اچھا بخشنے والا ہے۔ اے رب ہمارے نہ کیجیو ہمیں ستم سہنے والا

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۶﴾

ظالم لوگوں کا۔ اور چھوڑا لے ہمیں اپنی رحمت سے کافر لوگوں سے۔

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۣ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ

اے پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے ، تو ہی ہے رفیق میرا دنیا اور آخرت میں

تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۱﴾ رَبِّ اجْعَلْنِيْ

اٹھانا مجھ کو مسلمان اور شامل کرنا مجھے نیکوں کے ساتھ۔ اے رب میرے کر دے

مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿٤٠﴾

مجھے نماز درست رکھنے والا اور میری نسل کو بھی، اے رب ہمارے اور میری دعا قبول کر۔

رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ

اے رب ہمارے بخشنا مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور تمام مؤمنین کو جس دن

الْحِسَابُ ﴿٤١﴾ ع (ابراہیم) رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ﴿٢٤﴾ ط (بنی اسرآءیل ١٧)

حساب قائم ہو۔ اے رب رحم کر میرے والدین پر جیسا اُنہوں نے مجھ چھوٹے کو پالا۔

رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ

اے رب میرے اندر لے جا مجھے لے جانا صاف اور نکال مجھے نکالنا صاف

وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ﴿٨٠﴾ (بنی اسرآءیل ١٧) رَبَّنَآ اٰتِنَا

اور تجویز کر میرے لئے اپنے پاس سے ایک قوت مدد دینے والی۔ اے رب ہمارے دے ہمیں

مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ﴿١٠﴾ (الکہف ١٨) رَبِّ

اپنے پاس سے ایک رحمت اور سامان کر دے ہمارے لئے کام میں درستی کا۔ اے رب میرے

اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿٢٥﴾ لا وَيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ ﴿٢٦﴾ لا وَاحْلُلْ عُقْدَةً

کھول دے سینہ میرا اور آسان کر مجھ پر میرا کام۔ اور کھول دے گنجلک

مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿٢٧﴾ لا يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿٢٨﴾ ص (طٰہٰ) رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ﴿١١٤﴾ (طٰہٰ)

میری زبان سے۔ کہ میری بات کو لوگ سمجھ لیں۔ اے رب میرے بڑھا مجھے علم میں۔

رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ﴿۸۳﴾ (الانبیاء ۲۱)

اے رب میرے مجھے لگ گئی ہے بیماری اور تو سب سے بڑا مہربان ہے۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ﴿۸۹﴾ (الانبیاء ۲۱)

اے رب نہ چھوڑ مجھے اکیلا اور تو سب سے اچھا وارث ہے۔

رَبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ ﴿۲۹﴾ (المؤمنون ۲۳)

اے رب اُتار مجھے مبارک جگہ میں اور تو سب سے بہتر اُتارنے والا ہے۔

رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ ﴿۹۷﴾ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ

اے رب میں پناہ چاہتا ہوں تیری شیطانوں کی چھیڑ سے۔ اور پناہ چاہتا ہوں تیری اے رب اس

اَنْ یَّحْضُرُوْنِ ﴿۹۸﴾ (المؤمنون ۲۳) رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ

سے کہ وہ میرے پاس آئیں ۔ اے رب ہم ایمان لائے تو بخش دے ہمیں اور رحم کر ہم پر

خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ ﴿۱۰۹﴾ (المؤمنون ۲۳) رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ

اور تو سب مہربانوں سے بہتر ہے ۔ اے رب ہمارے ٹال دے ہم سے دوزخ کا عذاب ،

اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ﴿۶۵﴾ (الفرقان ۲۵) رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا

کہ اُس کا عذاب گلوگیر ہے۔ اے رب ہمارے دے ہماری بیبیوں

وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْیُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا ﴿۷۴﴾ (الفرقان ۲۵)

اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور کر دے ہمیں پرہیز گاروں کا مقتدا۔

رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی

اے رب مجھے نصیب کر کہ شکر کروں تیرے احسان کا جو تو نے کیا مجھ پر اور میرے

وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَاَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِكَ فِیْ

ماں باپ پر اور یہ کہ کروں نیک کام جو تو پسند کرے اور داخل کر دے مجھے اپنی رحمت سے

عِبَادِكَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۹﴾ رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ

اپنے نیک بندوں میں۔ اے رب میں اُس بھلائی کا جو تو میری طرف اتارے

فَقِیْرٌ ﴿۲۴﴾ رَبِّ انْصُرْنِیْ عَلَی الْقَوْمِ الْمُفْسِدِیْنَ ﴿۳۰﴾

محتاج ہوں۔ اے رب غالب کر مجھے مفسد لوگوں پر۔

رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِیْنَ

اے رب ہمارے محیط ہوا ہے ہر چیز کو تیرا رحم اور علم تو بخش دے ان لوگوں کو جنہوں نے

تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِیْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِیْمِ ﴿۷﴾ رَبَّنَا

توبہ کی اور تیری راہ پر چلے اور بچا انہیں دوزخ کے عذاب سے۔اے رب ہمارے

وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِیْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ

اور داخل کر اُنہیں ہمیشہ رہنے کی جنتوں میں جن کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے اور جو کوئی نیک ہو اُن کے

اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّیّٰتِهِمْ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ

آباؤ اجداد اور ان کی بیبیوں اور ان کی اولاد میں سے کیونکہ تو ہی ہے زبردست

الْحَكِيْمُ ﴿٨﴾ وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ۭ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ

حکمت والا۔ اور بچا اُن کو خرابیوں سے اور جس کو تو خرابیوں سے اُس

يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ۭ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٩﴾ وَ

دن بچالے تو اس پر تو نے رحم کیا، اور یہی تو ہے بڑی کامیابی۔ اور

اَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿١٥﴾ الاحقاف ٤٦

صلاحیت دے میری اولاد میں، میں نے تیری طرف رجوع کیا اور میں فرمانبرداروں میں سے ہوں۔

اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ﴿١٠﴾ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا

میں ہارا ہوا ہوں پس تو میرا بدلہ لے لے اے رب ہمارے بخش دے ہمیں اور ہمارے اُن بھائیوں

الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا

کو جو ہم سے آگے پہنچے ایمان میں اور نہ کر ہمارے دلوں میں کدورت

لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٠﴾ رَبَّنَا عَلَيْكَ

ایمان والوں کے ساتھ اے رب ہمارے تو بہت مہربان رحم والا ہے۔ اے رب ہمارے تجھی پر

تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿٤﴾ رَبَّنَا لَا

ہم نے بھروسہ کیا اور تیری ہی طرف ہم رجوع ہوئے اور تیری ہی طرف لوٹنا ہے۔ اے رب ہمارے نہ

تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ

کر ہمیں تختۂ مشق کافر لوگوں کا اور بخش دے ہمیں اے رب ہمارے کیونکہ تو ہی ہے

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝٥ (الممتحنۃ) رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا

زبردست حکمت والا۔ اے رب ہمارے کامل کردے ہمارے لئے ہمارا نور اور بخش دے ہمیں۔

اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝٨ (التحریم) رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَ

کیونکہ تو ہر چیز پر قادر ہے۔ اے رب بخش دے مجھے اور میرے ماں باپ کو اور

لِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ (نوح)

جو کوئی میرے گھر میں ایمان دار ہو کر آئے اور تمام ایماندار مردوں اور عورتوں کو۔

اِنَّا نَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَأَلَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ

ہم مانگتے ہیں تجھ سے وہ سب بھلائیاں جو مانگی ہیں تجھ سے تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ

ترمذی۔عن ابی امامۃ رضی اللہ عنہ۔ ابواب الادعیۃ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۞ اِنَّا نَسْأَلُكَ عَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَمُنْجِيَاتِ

وسلم نے۔ ہم مانگتے ہیں تجھ سے تیری مغفرت کے اسباب اور نجات دینے والے

اَمْرِكَ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ وَّالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ

کام اور بچا رہنا ہر گناہ سے اور لوٹ ہر نیکی کی

مستدرک حاکم۔عن ابی مسعود رضی اللہ عنہ۔ باب الدعاء

بِرٍّ وَّالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ ۞ اَسْأَلُكَ عِلْمًا

اور کامیابی بہشت کی اور نجات دوزخ سے میں مانگتا ہوں تجھ سے علم

کنز العمال۔عن جابر رضی اللہ عنہ وعائشہ رضی اللہ عنہا جلد اول ص 300

نَّافِعًا ۞ اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰى

کار آمد اے اللہ پھیرنے والے دلوں کے پھیر دل ہمارے اپنی

ابن ابی شیبہ عن عائشہ رضی اللہ عنہا — مسلم عن علی رضی اللہ عنہ۔ باب الادعیۃ

طَاعَتِكَ ۞ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ وَسَدِّدْنِيْ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ

طاعت کی طرف یا اللہ مجھ کو ہدایت کر اور مجھ کو استوار رکھ یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے

مسلم۔ عن عبداللہ رضی اللہ عنہ بن عمرو بن العاص

الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى ۞ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ

ہدایت اور پرہیز گاری اور پارسائی اور سیر چشمی یا اللہ بخش دے مجھے اور رحم کر مجھ پر

مسلم بن ابی مالک الاشجعی۔ باب فضل التہلیل والدعاء

وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ ۞ يَارَبِّ يَارَبِّ يَارَبِّ اَللّٰهُمَّ يَاكَبِيْرُ يَا

اور امن دے مجھے اور رزق دے مجھے یارب یارب یارب اے اللہ اے کبیر اے

سَمِيْعُ يَابَصِيْرُ يَامَنْ لَّاشَرِيْكَ لَهٗ وَلَاوَزِيْرَلَهٗ وَيَاخَالِقَ

سمیع اے بصیر اے وہ کہ نہیں ہے شریک اس کا اور نہ کوئی مشیر اس کا اور اے پیدا کرنے والے

الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ الْمُنِيْرِ وَيَاعِصْمَةَ الْبَآئِسِ الْخَآئِفِ

آفتاب و ماہتاب روشن کے اور اے پناہ مصیبت زدہ ترساں

الْمُسْتَجِيْرِ وَيَارَازِقَ الطِّفْلِ الصَّغِيْرِ وَيَاجَابِرَ الْعَظْمِ

پناہ جو کے اور اے روزی پہنچانے والے ننھے بچہ کے اور اے جوڑنے والے ٹوٹی

الْكَسِيْرِ اَدْعُوْكَ دُعَآءَ الْبَآئِسِ الْفَقِيْرِ كَدُعَآءِ الْمُضْطَرِّ

ہڈی کے میں مانگتا ہوں تجھ سے مانگنا مصیبت زدہ محتاج کا سا مثل مانگنے بے قرار

الضَّرِيْرِ اَسْأَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَبِمَفَاتِيْحِ

آفت زدہ کے سوال کرتا ہوں میں تجھ سے بوسیلہ بندہائے عزت کے تیرے عرش میں سے اور بوسیلہ

الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَبِالْاَسْمَاءِ الثَّمَانِيَةِ الْمَكْتُوْبَةِ عَلٰى

رحمت کی کنجیوں کے تیری کتاب میں سے اور بوسیلہ ان آٹھ ناموں کے جو لکھے ہوئے ہیں

قَرْنِ الشَّمْسِ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ رَبِيْعَ قَلْبِيْ وَجَلَاءَ حُزْنِيْ

الحزب الاعظم للقاری

رخ آفتاب پر یہ کہ کر دے قرآن شریف کو بہار میرے دل کی اور کشایش میرے غم کی

رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا كَذَا وَكَذَا يَا مُوْنِسَ كُلِّ وَحِيْدٍ وَّ

یہاں دل میں اپنی حاجت یاد کرے

اے رب ہمارے دے ہمیں دینا میں فلاں فلاں چیز اے غمگسار ہر اکیلے کے اور

يَا صَاحِبَ كُلِّ فَرِيْدٍ وَّيَا قَرِيْبًا غَيْرَ بَعِيْدٍ وَّيَا شَاهِدًا غَيْرَ

اے ساتھی ہر تنہا کے اور اے قریب جو بعید نہیں اور اے حاضر جو

غَائِبٍ وَّيَا غَالِبًا غَيْرَ مَغْلُوْبٍ يَّا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ

غائب نہیں اور اے غالب جو مغلوب نہیں اے حیّ اے قیوم اے بزرگی

وَالْاِكْرَامِ يَا نُوْرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَا زَيْنَ السَّمٰوٰتِ

اور عزت والے اے نور آسمانوں اور زمینوں کے اور اے زینت آسمانوں

وَالْاَرْضِ يَا جَبَّارَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا عِمَادَ السَّمٰوٰتِ

اور زمینوں کے اے انتظام رکھنے والے آسمانوں اور زمینوں کے اے تھامنے والے آسمانوں

وَالْاَرْضِ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ يَا قَيَّامَ

اور زمینوں کے اے موجد آسمانوں اور زمینوں کے اور اے قائم رکھنے والے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا صَرِیْخَ

آسمانوں اور زمینوں کے اے بزرگی اور عزت والے اے دادرس

الْمُسْتَصْرِخِیْنَ وَمُنْتَھَی الْعَآئِذِیْنَ وَالْمُفَرِّجُ عَنِ

فریادیوں کے اور آخری دوڑ پناہ مانگنے والوں کی اور کشایش دینے والے

الْمَکْرُوْبِیْنَ وَالْمُرَوِّحُ عَنِ الْمَغْمُوْمِیْنَ وَمُجِیْبُ دُعَآءِ

بے چینیوں کے اور راحت دینے والے غم زدوں کے اور قبول کرنے والے دعا

الْمُضْطَرِّیْنَ وَیَا کَاشِفَ الْمَکْرُوْبِ یَآاِلٰہَ الْعَالَمِیْنَ وَ

بے قراروں کے اور اے کشایش دینے والے صاحب کرب کے اے اللہ العالمین اور

یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ مَنْزُوْلٌ بِکَ کُلُّ حَاجَۃٍ ۞ (کنزالعمال۔عن انس رضی اللہ عنہ) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ

اے ارحم الراحمین تیرے ہی سامنے پیش کی جاتی ہے ہر حاجت یااللہ میں

اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْکَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْھَرَمِ وَالْمَغْرَمِ

تیری پناہ پکڑتا ہوں کم ہمتی سے اور سُستی سے اور بزدلی سے اور بہت بڑھاپے سے اور قرض سے

وَالْمَاْثَمِ وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ وَفِتْنَۃِ النَّارِ وَفِتْنَۃِ الْقَبْرِ

اور گناہ سے اور دوزخ کے عذاب سے اور دوزخ کے فتنہ سے اور قبر کے فتنہ سے

وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَشَرِّ فِتْنَۃِ الْغِنٰی وَشَرِّ فِتْنَۃِ الْفَقْرِ وَ

اور قبر کے عذاب سے اور مالداری کے بُرے فتنہ سے اور محتاجی کے بُرے فتنہ سے اور

مِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَ

مسیح دجال کے بُرے فتنہ سے اور زندگی اور

الْمَمَاتِ وَمِنَ الْقَسْوَةِ وَالْغَفْلَةِ وَالْعَيْلَةِ وَالذِّلَّةِ وَ

موت کے فتنہ سے اور سخت دلی سے اور غفلت سے اور تنگدستی سے اور ذلّت سے اور

الْمَسْكَنَةِ وَالْكُفْرِ وَالْفُسُوْقِ وَالشِّقَاقِ وَالسُّمْعَةِ وَ

خواری سے اور کفر سے اور فِسق سے اور ضداضدی سے اور سنانے سے اور

الرِّيَآءِ وَمِنَ الصَّمَمِ وَالْبَكَمِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَ

دکھانے سے اور بہرے ہونے سے اور گونگے ہونے سے اور جنون سے اور جذام سے اور

سَيِّئِ الْاَسْقَامِ وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَمِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَ

بُری بیماریوں سے اور بار قرضہ سے اور فکر سے اور غم سے اور

الْبُخْلِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ وَمِنْ اَنْ اُرَدَّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَ

بخل سے اور لوگوں کے دبا لینے سے اور اُس سے کہ ناکارہ عمر تک پہنچوں اور

فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَمِنْ عِلْمٍ لَّا يَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَّا يَخْشَعُ وَ

دنیا کے فتنہ سے اور اس علم سے جو نفع نہ دے اور اُس دل سے جس میں خشوع نہ ہو اور

مِنْ نَّفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَةٍ لَّا يُسْتَجَابُ لَهَا ۞

نسائی کتاب الاستعاذہ۔ بخاری کتاب الدعوات والاذکار مسلم۔ مستدرک کنز العمال۔ جمع الفوائد

اس نفس سے جو سیر نہ ہو اور اس دعا سے جو مقبول نہ ہو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی

اے اللہ رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر جیسا کہ تو نے رحمت نازل فرمائی

اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ○ اَللّٰھُمَّ

ابراہیم علیہ السلام اور آل ابراہیم علیہ السلام پر بے شک تو قابل تعریف ہے اور بزرگ ہے۔ اے اللہ

بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی

برکت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جیسا کہ تو نے برکت نازل فرمائی

اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ○

ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم علیہ السلام پر بے شک تو قابل تعریف ہے اور بزرگ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ

اے اللہ رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جیسا کہ تو نے رحمت نازل

عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَصَلِّ عَلَیْنَا مَعَھُمْ ○ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ

فرمائی ابراہیم علیہ السلام پر اور ہم پر بھی رحمت نازل فرما ان سمیت اے اللہ برکت نازل فرما

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جیسا کہ تو نے برکت نازل فرمائی ابراہیم علیہ السلام پر

بَارِکْ عَلَیْنَا مَعَھُمْ ○

اور ہم پر بھی برکت نازل فرما ان سمیت

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ

اے اللہ رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور انہیں اتار اپنے ہاں قریب بیٹھنے کی جگہ

يَوْمَ الْقِيَامَةِ ○ جَزَى اللّٰهُ تَعَالٰى عَنَّا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ

قیامت کے روز اللہ تعالیٰ ہماری طرف سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا بدلہ عطا فرمائے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا هُوَ اَهْلُهُ ○

آمین. آمین . آمین
برحمتك يا ارحم الراحمين○

جو ان کی شایان شان ہو

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نَحْمَدُكَ يَا خَيْرَ مَأْمُوْلٍ وَّاَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ عَلٰى مَا عَلَّمْتَنَا

اے ان سب سے بہتر جن سے امید قائم کی جاسکتی ہے۔ اور اے ان سب سے کریم تر جن سے کچھ طلب کیا جاسکتا

مِنْ دُعَآءِ حُضُوْرِ الْقَلْبِ وَالْمُنَاجَاةِ الْمَقْبُوْلِ مِنْ

ہے ہم تیری حمد کرتے ہیں کہ تو نے ہمیں دعا حضور القلب اور مناجات مقبول سکھائی جو اللہ

قُرُبَاتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُوْلِ فَصَلِّ عَلَيْهِ مَا

کے ہاں موجب قربت ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعائیں سکھائیں۔ تو (یا اللہ) اُن (رسول) پر

اخْتَلَفَ الدَّبُوْرُ وَالْقَبُوْلُ وَانْشَعَبَتِ الْفُرُوْعُ مِنَ

رحمت کامل نازل فرما جب تک کہ پچھوا اور پُروا ہوائیں چلتی رہیں، اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی

الْاُصُوْلِ ۝ ثُمَّ نَسْئَلُكَ بِمَا سَنَقُوْلُ ۝ وَمِنَّا السُّؤَالُ وَ

رہیں۔ اس کے بعد ہم تجھ سے وہ طلب کرتے ہیں، جو ابھی (آگے) عرض کرتے ہیں ہمارا کام طلب کرنا

مِنْكَ الْقَبُوْلُ ۝

ہے اور تیرا کام عطا کرنا ہے۔

يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ ۞ يَا خَيْرَ النَّاصِرِيْنَ ۞

اے بہترین بخشنے والے — اے بہترین مدد کرنے والے

يَا خَيْرَ الْحَاكِمِيْنَ ۞ يَا خَيْرَ الْفَاتِحِيْنَ ۞

اے بہترین حکم کرنے والے — اے بہترین فتح دینے والے

يَا خَيْرَ الذَّاكِرِيْنَ ۞ يَا خَيْرَ الْوَارِثِيْنَ ۞

اے بہترین یاد رکھنے والے — اے بہترین وارث بننے والے

يَا خَيْرَ الْحَامِدِيْنَ ۞ يَا خَيْرَ الرَّازِقِيْنَ ۞

اے بہترین تعریف کرنے والے — اے بہترین رزق دینے والے

يَا خَيْرَ الْفَاصِلِيْنَ ۞ يَا خَيْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۞

اے بہترین فیصلہ کرنے والے — اے بہترین احسان کرنے والے

يَا دَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ ۞ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ ۞

اے حیران ہونے والوں کے راہنما — اے فریادیوں کے دستگیر

یَا صَرِیْخَ الْمُسْتَصْرِخِیْنَ ۞ یَا جَارَ الْمُسْتَجِیْرِیْنَ ۞

اے فریاد کرنے والوں کے فریاد رس — اے پناہ طلب کرنے والوں کو پناہ دینے والے

یَا مَلْجَاَ الْعَاصِیْنَ ۞ یَا غَافِرَ الْمُذْنِبِیْنَ ۞

اے نافرمانوں کے (مولیٰ) پناہ گاہ — اے گناہگاروں کو معاف کرنے والے

یَا اٰمَانَ الْخَائِفِیْنَ ۞ یَا رَاحِمَ الْمَسَاکِیْنَ ۞

اے خوفزدوں کو امن دینے والے — اے مسکینوں پر رحم کرنے والے

۞ یَا اَنِیْسَ الْمُسْتَوْحِشِیْنَ ۞

اے وحشت محسوس کرنے والوں سے انس رکھنے والے

۞ یَا مُجِیْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّیْنَ ۞

اے پریشان حال بے کسوں کی پکار کو سننے والے

یَا اَحْکَمَ الْحَاکِمِیْنَ ۞ یَا اَعْدَلَ الْعَادِلِیْنَ ۞

اے حاکموں میں بڑے حاکم — اے عادلوں میں بڑے عادل

یَا اَصْدَقَ الصَّادِقِیْنَ ۞ یَا اَظْهَرَ الظَّاهِرِیْنَ ۞

اے سچوں میں بڑے سچے — اے ظاہر ہونے والوں میں بڑے ظاہر

یَا اَطْهَرَ الطَّاهِرِیْنَ ۞ یَا اَحْسَنَ الْخَالِقِیْنَ ۞

اے پاک رہنے والوں میں بڑے پاک — اے سب سے اچھا پیدا کرنے والے

يَآ اَسْرَعَ الْحَاسِبِيْنَ ۞ يَآ اَسْمَعَ السَّامِعِيْنَ ۞

اے سب سے جلد حساب لینے والے — اے سب سے زیادہ سننے والے

يَآ اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ ۞ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۞

اے سب سے بڑے کریم (کرم کرنے والے) — اے سب سے بڑے رحم کرنے والے

۞ يَآ اَشْفَعَ الشَّافِعِيْنَ ۞

اے بڑے سفارش قبول کرنے والے

يَا خَيْرَ الْمَرْهُوْبِيْنَ ۞ يَا خَيْرَ الْمَطْلُوْبِيْنَ ۞

اے وہ سب سے بہتر جس سے ڈرا جائے — اے مطلوبوں میں بہتر/اے بہترین مطلوبہ

يَا خَيْرَ الْمَرْغُوْبِيْنَ ۞ يَا خَيْرَ الْمَسْئُوْلِيْنَ ۞

اے مرغوبوں میں بہتر/اے بہترین مرغوب — اے مسئولوں میں بہتر/اے بہترین مسئول

يَا خَيْرَ الْمَقْصُوْدِيْنَ ۞ يَا خَيْرَ الْمَذْكُوْرِيْنَ ۞

اے مقصودوں میں بہتر/اے بہترین مقصود — اے مذکوروں میں بہتر/اے بہترین مذکور

يَا خَيْرَ الْمَشْكُوْرِيْنَ ۞ يَا خَيْرَ الْمَحْبُوْبِيْنَ ۞

اے مشکوروں میں بہتر/اے بہترین مشکور — اے محبوبوں میں بہتر / اے بہترین محبوب

يَا خَيْرَ الْمُنْزِلِيْنَ ۞ يَا خَيْرَ الْمُسْتَاْنِسِيْنَ ۞

اے اتارنے والوں میں بہتر/اے بہترین اتارنے والے — اے مانوس کرنے والوں میں بہتر/اے بہترین انیس

یَا مَنْ ھُوَ اِلَیْہِ یَھْرَبُ الْخَآئِفُوْنَ

اے وہ ذات جسکی طرف ڈرنے والے بھاگتے ہیں

یَا مَنْ ھُوَ اِلَیْہِ یَفْزَعُ الْمُذْنِبُوْنَ

اے وہ ذات گنہگار جسکی پناہ لیتے ہیں

یَا مَنْ ھُوَ اِلَیْہِ یَقْصِدُ الْمُنِیْبُوْنَ

اے وہ ذات رجوع کرنے والے جس کا قصد کرتے ہیں

یَا مَنْ ھُوَ اِلَیْہِ یَلْجَأُ الْعَاصُوْنَ

اے وہ ذات نافرمان جس سے التجاء کرتے ہیں

یَا مَنْ ھُوَ اِلَیْہِ یَرْغَبُ الزَّاھِدُوْنَ

اے وہ ذات زھاد جسکی طرف راغب ہوتے ہیں

یَا مَنْ ھُوَ فِیْہِ یَطْمَعُ الْخَاطِئُوْنَ

اے وہ ذات خطا کار جس سے امید رکھتے ہیں

یَا مَنْ ھُوَ یَسْتَاْنِسُ بِہِ الْمُرِیْدُوْنَ

اے وہ ذات مشتاقین جس سے مانوس ہوتے ہیں

یَا مَنْ ھُوَ یَفْتَخِرُ بِہِ الْمُحْسِنُوْنَ

اے وہ ذات نیک لوگ جس پر فخر کرتے ہیں

❁ یَا مَنْ ھُوَ عَلَیْہِ یَتَوَکَّلُ الْمُتَوَکِّلُوْنَ ❁

اے وہ ذات بھروسہ کرنے والے جس پر بھروسہ کرتے ہیں

❁ یَا مَنْ ھُوَ یَسْکُنُ بِہِ الْمُوْقِنُوْنَ ❁

اے وہ ذات یقین کرنے والے جس سے سکون پاتے ہیں

یَا سُرُوْرَ الْعَارِفِیْنَ ❁ یَا اَنِیْسَ الْمُرِیْدِیْنَ ❁

اے عارفین کے (دلوں کے) سرور — اے مریدین کے محبوب

یَا مُغِیْثَ الْمُشْتَاقِیْنَ ❁ یَا حَبِیْبَ التَّوَّابِیْنَ ❁

اے مشتاقین کے فریادرس — اے توبہ کرنے والوں کے حبیب

یَا رَازِقَ الْمُقِلِّیْنَ ❁ یَا رَجَآءَ الْمُذْنِبِیْنَ ❁

اے کمترین کو روزی دینے والے — اے گنہگاروں کی امید

یَا کَاشِفَ الْمَکْرُوْبِیْنَ ❁ یَا مُنَفِّسًا عَنِ الْمَغْمُوْمِیْنَ ❁

اے پریشان حالوں سے پریشانی دور کرنے والے — اے غمزدوں کو راحت دینے والے

یَا مُفَرِّجًا عَنِ الْمَحْزُوْنِیْنَ ❁ یَا اِلٰہَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ ❁

اے دردمندوں سے غم دور کرنے والے — اے اولین اور آخرین کے اِلٰہ

❁ یَا مَنْ یَّعْلَمُ مُرَادَ الْمُرِیْدِیْنَ ❁

اے وہ ذات جو مریدین کی مراد کو جانتا ہے

اے وہ ذات جو سائلین کی ضروریات کا مالک ہے

یَا مَنْ یَّسْمَعُ اَنِیْنَ الْوَالِهِیْنَ

اے وہ ذات جو غمگینوں کی آہوں کو سنتا ہے

یَا مَنْ یَّرٰی بُكَآءَ الْخَآئِفِیْنَ

اے وہ ذات جو ڈرنے والوں کے رونے کو دیکھتا ہے

یَا مَنْ یَّعْلَمُ ضَمِیْرَ الصَّامِتِیْنَ

اے وہ ذات جو چپ رہنے والوں کے دلوں کو جانتا ہے

یَا مَنْ یَّرٰی نَدَمَ النَّادِمِیْنَ

اے وہ ذات جو نادم ہونیوالوں کی ندامت کو دیکھتا ہے

یَا مَنْ یَّقْبَلُ عُذْرَ التَّآئِبِیْنَ

اے وہ ذات جو توبہ کرنے والوں کے عذر کو قبول کرتا ہے

یَا مَنْ لَّا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ

اے وہ ذات جو بگاڑیوں کے عمل کی اصلاح نہیں فرماتا

یَا مَنْ لَّا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ

اے وہ ذات جو نیکوکاروں کے اجر کو ضائع نہیں کرتی

۞ یَا مَنْ لَّا یَبْعُدُ عَنْ قُلُوْبِ الْعَارِفِیْنَ ۞

اے وہ ذات جو عارفین کے دلوں سے دور نہیں رہتا

یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ ۞ یَا مَالِكَ یَوْمِ الدِّیْنِ ۞

اے دونوں جہانوں کے رب — اے یوم جزاء کے مالک

یَا مَنْ یُّحِبُّ الصَّابِرِیْنَ ۞ یَا مَنْ یُّحِبُّ التَّوَّابِیْنَ ۞

اے وہ ذات جو صبر کرنیوالوں کو پسند کرتا ہے — اے وہ ذات جو توبہ کرنے والوں کیساتھ محبت کرتا ہے

یَا مَنْ یُّحِبُّ الْمُتَطَهِّرِیْنَ ۞ یَا مَنْ یُّحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ۞

اے وہ ذات جو پاکیزہ لوگوں کو محبوب بناتا ہے — اے وہ ذات جو نیکوکاروں کو پسند کرتا ہے

یَا مَنْ هُوَ خَیْرُ النَّاصِرِیْنَ ۞ یَا مَنْ هُوَ خَیْرُ الْفَاصِلِیْنَ ۞

اے وہ ذات جو بہترین مددگار ہے — اے وہ ذات جو بہترین فیصل ہے

یَا مَنْ هُوَ خَیْرُ الشَّاكِرِیْنَ ۞ یَا مَنْ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِیْنَ ۞

اے وہ ذات جو بہترین شکر پسند ہے — اے وہ ذات جو فساد پھیلانے والوں کو بہتر جانتا ہے

۞ یَا مَنْ هُوَ ذِكْرُهٗ شَرَفٌ لِّلذَّاكِرِیْنَ ۞

اے وہ ذات جس کا ذکر ذکر کرنے والوں کیلئے شرف وعزت ہے

۞ یَا مَنْ هُوَ شُكْرُهٗ فَوْزٌ لِّلشَّاكِرِیْنَ ۞

اے وہ ذات جس کا شکر شکر گذاروں کیلئے کامیابی ہے

يَا مَنْ هُوَ حَمْدُهٗ فَخْرٌ لِّلْحَامِدِيْنَ

اے وہ ذات جسکی تعریف حمد کرنے والوں کیلئے فخر ہے

يَا مَنْ هُوَ طَاعَتُهٗ نَجَاةٌ لِّلْمُطِيْعِيْنَ

اے وہ ذات جسکی اطاعت فرمانبرداروں کیلئے نجات ہے

يَا مَنْ هُوَ بَابُهٗ مَفْتُوْحٌ لِّلطَّالِبِيْنَ

اے وہ ذات جسکا دروازہ طالبین کے لئے کھلا ہوا ہے

يَا مَنْ هُوَ سَبِيْلُهٗ وَاضِحٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

اے وہ ذات جسکا راستہ مومنین کے لئے واضح ہے

يَا مَنْ هُوَ اٰيَاتُهٗ بُرْهَانٌ لِّلنَّاظِرِيْنَ

اے وہ ذات جسکی آیات دیکھنے والوں کیلئے دلیل ہیں

يَا مَنْ هُوَ كِتَابُهٗ تَذْكِرَةٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ

اے وہ ذات جسکی کتاب یقین کرنے والوں کیلئے نصیحت ہیں

يَا مَنْ هُوَ عَفْوُهٗ مَلْجَاٌ لِّلْمُذْنِبِيْنَ

اے وہ ذات جسکی معافی گنہگاروں کیلئے پناہ گاہ ہے

يَا مَنْ هُوَ رَحْمَتُهٗ قَرِيْبٌ لِّلْمُحْسِنِيْنَ

اے وہ ذات جسکی رحمت نیکوکاروں کے قریب ہے

يَا حَبِيْبَ الْبَكَّآئِيْنَ ۞ يَا سَنَدَ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ۞

اے رونے والوں کے محبوب — اے متوکلین کے سہارے

يَا هَادِيَ الْمُضِلِّيْنَ ۞ يَا وَلِيَّ الْمُؤْمِنِيْنَ ۞

اے گمراہوں کے ہادی — اے مؤمنوں کے دوست

يَآ اَنِيْسَ الذَّاكِرِيْنَ ۞ يَآ اَقْدَرَ الْقَادِرِيْنَ ۞

اے ذکر کرنے والوں کے خیرخواہ — اے سب سے بڑی قدرت والے

يَآ اَبْصَرَ النَّاظِرِيْنَ ۞ يَآ اَعْلَمَ الْعَالِمِيْنَ ۞

اے سب سے زیادہ دیکھنے والے — اے سب سے زیادہ جاننے والے

يَا مَفْزَعَ الْمَلْهُوْفِيْنَ ۞ يَآ اَنْصَرَ النَّاصِرِيْنَ ۞

اے فریاد کرنے والوں کی جائے پناہ — اے سب سے زیادہ مدد کرنے والے

۞ يَا مَنْ لَّا يَعْلَمُ الْغَيْبَ اِلَّا هُوَ ۞

اے وہ ذات جسکے علاوہ کوئی غیب نہیں جانتا

۞ يَا مَنْ لَّا يَصْرِفُ السُّوْٓءَ اِلَّا هُوَ ۞

اے وہ ذات جسکے علاوہ کوئی برائی دور نہیں کرسکتا

۞ يَا مَنْ لَّا يُدَبِّرُ الْاَمْرَ اِلَّا هُوَ ۞

اے وہ ذات جسکے علاوہ کوئی کسی امر کی تدبیر نہیں کرسکتا

يَا مَنْ لَّا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ اِلَّا هُوَ

اے وہ ذات جسکے علاوہ کوئی گناہ معاف نہیں کرسکتا

يَا مَنْ لَّا يُقَلِّبُ الْقَلْبَ اِلَّا هُوَ

اے وہ ذات جسکے علاوہ کوئی دل پلٹ نہیں سکتا

يَا مَنْ لَّا يَخْلُقُ الْخَلْقَ اِلَّا هُوَ

اے وہ ذات جسکے علاوہ کوئی کسی چیز کو پیدا نہیں کرسکتا

يَا مَنْ لَّا يُتِمُّ النِّعْمَةَ اِلَّا هُوَ

اے وہ ذات جسکے علاوہ کوئی نعمت کو پورا نہیں کرسکتا

يَا مَنْ لَّا يُنَزِّلُ الْغَيْثَ اِلَّا هُوَ

اے وہ ذات جسکے علاوہ کوئی بارش نہیں برسا سکتا

يَا مَنْ لَّا يُحْيِي الْمَوْتٰى اِلَّا هُوَ

اے وہ ذات جسکے علاوہ کوئی مردوں کو زندہ نہیں کرسکتا

يَا مَنْ لَّا يُغْنِيْ عَلَى التَّحْقِيْقِ اِلَّا هُوَ

اے وہ ذات یقیناً جسکے علاوہ کوئی فنا نہیں کرسکتا

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا

اے رب ہمارے دے ہمیں دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھلائی اور بچا ہمیں

عَذَابَ النَّارِ ﴿٢٠١﴾ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّ ثَبِّتْ

دوزخ کے عذاب سے۔ اے رب ہمارے ڈال دے ہم پر صبر اور جما

اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٥٠﴾ رَبَّنَا لَا

ہمارے قدم اور غالب کر ہم کو کافر لوگوں پر۔ اے رب ہمارے نہ

تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ

پکڑ ہم کو اگر بھول جائیں یا چوک جائیں، اے رب ہمارے اور نہ رکھ ہم پر

اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا

بوجھ بھاری جیسا کہ رکھا تھا ہم سے پہلے لوگوں پر ، اے رب ہمارے اور نہ

تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا وقفة وَاغْفِرْ لَنَا وقفة

اُٹھوا ہم سے وہ چیز جس کی طاقت ہم کو نہیں، اور درگزر کر ہم سے، اور بخش دے ہمیں،

وَارْحَمْنَا وقفة اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٨٦﴾ البقرة ٢

اور رحم کر ہم پر، تو ہی ہمارا مالک ہے تو غالب کر ہم کو کافر لوگوں پر

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ

اے رب ہمارے نہ پھیر ہمارے دل کو بعد ہدایت کرنے کے اور دے ہمیں اپنے

لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿٨﴾ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا

پاس سے ایک رحمت ، بیشک تو ہی دینے والا ہے۔ اے رب ہمارے ہم ایمان لائے ہیں

فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۶﴾ رَبَّنَا مَا

بخش دے ہمارے گناہ اور بچا ہم کو دوزخ کے عذاب سے۔ اے رب ہمارے تو نے

خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۹۱﴾

یہ عبث نہیں پیدا کیا، تو پاک ہے پس بچا ہمیں دوزخ کے عذاب سے۔

رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَمَا

اے رب ہمارے تو جسے دوزخ میں ڈالے تو تو نے ضرور اُسے رسوا کر دیا ، اور

لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۱۹۲﴾ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ

سیاہ کاروں کا کوئی ساتھی نہیں۔ اے رب ہمارے ہم نے ایک پکارنے والے کو ایمان کے لئے

لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖۗ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا

پکارتے ہوئے سنا کہ اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ سو ہم ایمان لے آئے، اے رب ہمارے اب

ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ﴿۱۹۳﴾ ۚ

ہمارے گناہ بخش دے اور ہماری برائیوں کو اتار دے اور ہمارا نیکوں کے ساتھ خاتمہ کر۔

رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ

اے رب ہمارے اور دے ہمیں جو اپنے رسولوں کی معرفت تو نے ہم سے وعدہ کیا اور ہمیں قیامت کے

الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۱۹۴﴾ رَبَّنَا ظَلَمْنَآ

دن رسوا نہ کر، کہ تو وعدہ کو خلاف نہیں کرتا۔ اے رب ہمارے ہم نے اپنی جانوں پر زیادتی

اَنۡفُسَنَا ٚ وَاِنۡ لَّمۡ تَغۡفِرۡ لَنَا وَتَرۡحَمۡنَا لَنَكُوۡنَنَّ مِنَ

کی ، اوراگرتوہمیں نہ بخشے گا اورہم پررحم نہ کرے گا توہم نامرادوں میں

الۡخٰسِرِيۡنَ ﴿۲۳﴾ رَبَّنَاۤ اَفۡرِغۡ عَلَيۡنَا صَبۡرًا وَّ تَوَفَّنَا

سے ہوجائیں گے۔ اے رب ہمارے ہم پرصبرڈال دے اورمسلمان کرکے موت

مُسۡلِمِيۡنَ ﴿۱۲۶﴾ اَنۡتَ وَلِيُّنَا فَاغۡفِرۡ لَنَا وَارۡحَمۡنَا وَاَنۡتَ

دے۔ توہی ہے ہمارامددگارپس بخش دے ہم کواوررحم کرہم پر اورتو

خَيۡرُ الۡغٰفِرِيۡنَ ﴿۱۵۵﴾ رَبَّنَا لَا تَجۡعَلۡنَا فِتۡنَةً لِّلۡقَوۡمِ

سب سے اچھابخشنے والا ہے۔ اے رب ہمارے نہ کیجیوہمیں ستم سہنے والا

الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۸۵﴾ وَنَجِّنَا بِرَحۡمَتِكَ مِنَ الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿۸۶﴾

ظالم لوگوں کا۔ اورچھوڑالے ہمیں اپنی رحمت سے کافرلوگوں سے۔

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ قف اَنۡتَ وَلِىّٖ فِى الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ ۚ

اے پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے ، تو ہی ہے رفیق میرا دنیا اور آخرت میں

تَوَفَّنِىۡ مُسۡلِمًا وَّ اَلۡحِقۡنِىۡ بِالصّٰلِحِيۡنَ ﴿۱۰۱﴾ رَبِّ اجۡعَلۡنِىۡ

اٹھانا مجھ کومسلمان اورشامل کرنا مجھے نیکوں کے ساتھ۔ اے رب میرے کردے

مُقِيۡمَ الصَّلٰوةِ وَمِنۡ ذُرِّيَّتِىۡ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلۡ دُعَآءِ ﴿۴۰﴾

مجھے نماز درست رکھنے والا اور میری نسل کو بھی ، اے رب ہمارے اور میری دعا قبول کر۔

رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ

اے رب ہمارے بخشنا مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور تمام مؤمنین کو جس دن

الْحِسَابُ ﴿۴۱﴾ (ابراھیم) رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّیٰنِیْ صَغِیْرًا ﴿۲۴﴾ (بنی اسرآئیل)

حساب قائم ہو۔ اے رب رحم کر میرے والدین پر جیسا اُنہوں نے مجھ چھوٹے کو پالا۔

رَبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ

اے رب میرے اندر لے جا مجھے لے جانا صاف اور نکال مجھے نکالنا صاف

وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ﴿۸۰﴾ (بنی اسرآئیل) رَبَّنَآ اٰتِنَا

اور تجویز کر میرے لئے اپنے پاس سے ایک قوت مدد دینے والی۔ اے رب ہمارے دے ہمیں

مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَیِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ﴿۱۰﴾ (الکہف) رَبِّ

اپنے پاس سے ایک رحمت اور سامان کر دے ہمارے لئے کام میں درستی کا۔ اے رب میرے

اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ﴿۲۵﴾ وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ ﴿۲۶﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً

کھول دے سینہ میرا اور آسان کر مجھ پر میرا کام۔ اور کھول دے گنجلک

مِّنْ لِّسَانِیْ ﴿۲۷﴾ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ﴿۲۸﴾ (طٰہٰ) رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ﴿۱۱۴﴾ (طٰہٰ)

میری زبان سے۔ کہ میری بات کو لوگ سمجھ لیں۔ اے رب میرے بڑھا مجھے علم میں۔

اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ﴿۸۳﴾ (الانبیاء) رَبِّ

مجھے لگ گئی ہے بیماری اور تو سب سے بڑا مہربان ہے۔ اے رب میرے

لَا تَذَرۡنِیۡ فَرۡدًا وَّاَنۡتَ خَیۡرُ الۡوٰرِثِیۡنَ ﴿۸۹﴾ (الانبیاء ۲۱) رَبِّ

نہ چھوڑ مجھے اکیلا اور تو سب سے اچھا وارث ہے۔ اے رب

اَنۡزِلۡنِیۡ مُنۡزَلًا مُّبٰرَکًا وَّاَنۡتَ خَیۡرُ الۡمُنۡزِلِیۡنَ ﴿۲۹﴾ (المؤمنون ۲۳) رَبِّ

اُتار مجھے مبارک جگہ میں اور تو سب سے بہتر اُتارنے والا ہے۔ اے رب

اَعُوۡذُ بِکَ مِنۡ ہَمَزٰتِ الشَّیٰطِیۡنِ ﴿۹۷﴾ وَاَعُوۡذُ بِکَ رَبِّ

خشوع کرنے والا اور مانگتا ہوں تجھ سے یقین سچا اور مانگتا ہوں تجھ سے دین راست اور

اَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ مِنْ كُلِّ بَلِيَّةٍ وَّ اَسْأَلُكَ دَوَامَ الْعَافِيَةِ

مانگتا ہوں تجھ سے امن ہر بلا سے اور مانگتا ہوں تجھ سے ہمیشہ رہنا امن کا

وَ اَسْأَلُكَ الشُّكْرَ عَلَى الْعَافِيَةِ وَ اَسْأَلُكَ الْغِنٰى عَنِ

اور مانگتا ہوں تجھ سے شکر امن پر اور مانگتا ہوں تجھ سے بے پرواہی

کنز العمال عن علی رضی اللہ عنہ وابن عمر رضی اللہ عنہ

النَّاسِ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ ثَوَابَ الشَّاكِرِيْنَ وَ نُزُلَ

لوگوں سے یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے ثواب شکر والوں کا سا اور مہمانی

الْمُقَرَّبِيْنَ وَ مُرَافَقَةَ النَّبِيِّيْنَ وَ يَقِيْنَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَ

مقربین کی سی اور ہمراہی انبیاء علیہم السلام کی اور یقین صدیقوں کا سا اور

ذِلَّةَ الْمُتَّقِيْنَ وَ اِخْبَاتَ الْمُوْقِنِيْنَ حَتّٰى تَوَفَّانِيْ عَلٰى

تواضع متقین کی سی اور خشوع یقین والوں کا سا یہاں تک کہ وفات دے تو مجھے

الحزب الاعظم للقاری

ذٰلِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ اِيْمَانًا دَآئِمًا

اس حال پر اے ارحم الراحمین یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے ایمان ہمیشہ رہنے والا

کنز العمال عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ

وَّهُدًى قَيِّمًا وَّ عِلْمًا نَّافِعًا ۞ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْ لِّفَاجِرٍ عِنْدِيْ

اور ہدایت مستحکم اور علم نافع یا اللہ نہ کر کسی بد کار کا مجھ پر

كنز العمال عن معاذ رضی اللہ عنہ

نِعْمَةً اُكَافِيْهِ بِهَا فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ ۞ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ

کوئی احسان کہ مکافات کرنی پڑے مجھ کو اس کی دنیا اور آخرت میں یا اللہ بخش دے

ذَنْبِيْ وَوَسِّعْ لِيْ خُلُقِيْ وَ طَيِّبْ لِيْ كَسْبِيْ وَ قَنِّعْنِيْ بِمَا

میرے گناہ اور وسیع کر دے میرا خلق اور حلال کر دے میرا کسب اور قناعت دے مجھے

رَزَقْتَنِيْ وَ لَا تُذْهِبْ طَلَبِيْ اِلٰى شَيْءٍ صَرَّفْتَهٗ عَنِّيْ ۞ كنز العمال عن علی رضی اللہ عنہ

اُس چیز پر جو تو نے مجھے دی اور نہ لے جا طلب میری کسی ایسی چیز کی طرف جس کو تو نے مجھ سے ہٹا لیا ہو

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَجِيْرُكَ مِنْ جَمِيْعِ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْتَ

یا اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں تمام ان چیزوں سے جو تو نے پیدا کیں

وَاَحْتَرِسُ بِكَ مِنْهُنَّ وَاجْعَلْ لِّيْ عِنْدَكَ وَلِيْجَةً وَّاجْعَلْ

اور تیری حفاظت میں آتا ہوں اُن سے اور کر میرے لئے اپنے یہاں دخل اور کر

لِّيْ عِنْدَكَ زُلْفٰى وَ حُسْنَ مَاٰبٍ وَّاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ يَّخَافُ

میرے لئے اپنے یہاں قرب اور رجوع نیک اور کر مجھے ان لوگوں میں سے کہ ڈرتے ہیں

مَقَامَكَ وَ وَعِيْدَكَ وَ يَرْجُوْ لِقَآئَكَ وَاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ

تیرے سامنے کھڑے ہونے سے اور تیرے وعید سے اور تمنا رکھتے ہیں تیرے وصال کی اور کر دے مجھے

يَّتُوْبُ اِلَيْكَ تَوْبَةً نَّصُوْحًا وَّ اَسْأَلُكَ عَمَلًا مُّتَقَبَّلًا وَّ

ان لوگوں میں سے کہ توبہ کرتے ہیں تیری طرف توبہ خالص اور مانگتا ہوں میں تجھ سے عمل مقبول اور

کنزالعمال عن انس رضی اللہ عنہ وابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ

عِلْمًا نَّجِيحًا وَّ سَعْيًا مَّشْكُورًا وَّ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ۞ اَللّٰهُمَّ

کارآمد اور سعی مشکورا اور تجارت جس میں گھاٹا نہ ہو یا اللہ

اِنِّيْ اَسْأَلُكَ فَكَاكَ رَقَبَتِيْ مِنَ النَّارِ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى

میں مانگتا ہوں تجھ سے اپنی جان بخشی دوزخ سے یا اللہ مدد کر میری

کتاب الاذکار للنووی عن عائشہ رضی اللہ عنہا ۔کنزالعمال عن عائشہ رضی اللہ عنہا

غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَ سَكَرَاتِ الْمَوْتِ ۞ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ

موت کی بے ہوشیوں اور موت کی سختیوں پر یا اللہ بخش دے مجھے

کنزالعمال عن عائشہ رضی اللہ عنہا

وَارْحَمْنِيْ وَ اَلْحِقْنِيْ بِالرَّفِيْقِ الْاَعْلٰى ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ

اور رحم کر مجھ پر اور شامل کر مجھے اعلیٰ رفیقوں میں یا اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری

مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ وَ اَسْتَغْفِرُكَ

اس سے کہ تیرے ساتھ کچھ بھی شریک کروں اور اس کو میں جانتا ہوں اور معافی چاہتا ہوں تجھ سے اُس کی

لِمَا لَآ اَعْلَمُ بِهٖ وَ اَعُوْذُبِكَ اَنْ يَّدْعُوَ عَلَيَّ رَحِمٌ قَطَعْتُهَا

کہ میں اُسے نہ جانتا ہوں اور پناہ چاہتا ہوں تیری کہ بددعا دے مجھے کوئی رشتہ دار جس سے میں نے قطع رحم کیا ہو

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَنْ يَّمْشِيْ عَلٰى بَطْنِهٖ وَمِنْ

یا اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری اُس حیوان کی برائی سے کہ پیٹ کے بل چلتا ہے اور اس

شَرِّ مَنْ يَّمْشِيْ عَلٰى رِجْلَيْنِ وَ مِنْ شَرِّ مَنْ يَّمْشِيْ عَلٰٓى

حیوان کی بُرائی سے کہ دو پیروں سے چلتا ہے اور اس حیوان کی برائی سے کہ

اَرْبَعٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنِ امْرَاَةٍ تُشَیِّبُنِیْ قَبْلَ

چار پیروں سے چلتا ہے یا اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری ایسی عورت سے کہ مجھے بوڑھا کر دے

الْمَشِیْبِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ وَّلَدٍ یَّكُوْنُ عَلَیَّ وَبَالًا وَّ

بوڑھاپے سے پہلے اور پناہ چاہتا ہوں تیری ایسی اولاد سے کہ ہو مجھ پر وبال اور

اَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّالٍ یَّكُوْنُ عَلَیَّ عَذَابًا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ

پناہ چاہتا ہوں تیری ایسے مال سے کہ ہو مجھ پر عذاب یا اللہ میں پناہ چاہتا ہوں

مِنَ الشَّكِّ فِی الْحَقِّ بَعْدَ الْیَقِیْنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ

تیری شک لانے سے حق بات میں بعد یقین کے اور پناہ چاہتا ہوں تیری

الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ یَوْمِ الدِّیْنِ

شیطان مردود سے اور پناہ چاہتا ہوں تیری سختی روز جزا سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّوْتِ الْفُجَآءَةِ وَمِنْ لَّدْغِ

یا اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری ناگہانی موت سے اور سانپ

الْحَیَّةِ وَمِنَ السَّبُعِ وَمِنَ الْغَرَقِ وَمِنَ الْحَرَقِ وَمِنْ اَنْ

کے کاٹنے سے اور درندے سے اور ڈوبنے سے اور جل جانے سے اور اس سے کہ

اَخِرَّ عَلٰی شَیْءٍ وَّمِنَ الْقَتْلِ عِنْدَ فِرَارِ الزَّحْفِ ۞ عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی عن ابی بکر رضی اللہ عنہ

گر پڑوں کسی چیز پر اور مارے جانے سے لشکر کے بھاگنے کے وقت اے اللہ تعالٰی

اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ هٰذِهِ الدَّعَوَاتِ فِيْ حَقِّ مَنْ سَعٰى فِيْ اِشَاعَتِهَا

ان دعاؤں کو قبول فرما اس کے حق میں جس نے ان کی اشاعت میں کوشش کی اور

وَ جَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ وَ صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِ

جملہ ایمان والوں اور ایمان والیوں کے حق میں اور حق تعالیٰ رحمت کاملہ نازل فرمائے سرور

الْكَائِنَاتِ وَ اَكْرَمِ الْمَخْلُوْقَاتِ صَلٰوةً تَسْبِقُ الْغَايَاتِ

کائنات اور بہترین مخلوقات پر ایسی رحمت کہ جس کی کوئی حد و نہایت نہ ہو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِ الْعَالَمِيْنَ حَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ

اے اللہ تمام جہاں کے سردار اپنے حبیب محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر

صَلَاةً اَنْتَ لَهَا أَهْلٌ ○ وَّ بَارِكْ وَ سَلِّمْ كَذٰلِكَ ○ رَبِّ صَلِّ

ایسی رحمت نازل فرما جو آپ کے شایان شان ہو اور ایسی ہی برکت اور سلامتی بھی نازل فرما اے میرے رب

عَلٰى نَبِيِّيْ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ أَجَلَّهَا ○ وَ اقْضِ لِيْ بِجَاهِهٖ حَوَائِجِيْ

میرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر عظیم ترین رحمت نازل فرما اور اسکی بدولت میری تمام حاجات

كُلَّهَا ○ وَ صَلِّ عَلَيْهِ كَمَا أَنْتَ أَهْلُهَا ○ وَ سَلِّمْ وَ شَرِّفْ

پوری فرما اور ان پر ایسی رحمت نازل فرما جو آپ کے شایان شان ہو اور سلامتی نازل فرما اور ہمیشہ فضل

وَ كَرِّمْ دَائِمًا ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ ِالنَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ

و کرم کا معاملہ فرما اے اللہ امی نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کی آل پر نزول رحمت فرما

عَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ ○

اور سلامتی نازل فرما

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِيْ أَوَّلِ كَلَامِنَا ○

اے اللہ ہماری بات کے شروع میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نزول رحمت فرما

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِيْ أَوْسَطِ كَلَامِنَا ○

اے اللہ ہماری بات کے درمیان میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نزول رحمت فرما

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِيْ اٰخِرِ كَلَامِنَا ○ آمین. آمین . آمین برحمتك يا ارحم الراحمينo

اے اللہ ہماری بات کے آخر میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نزول رحمت فرما

سخت بیماریوں اور مصائب کا یقینی علاج

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ مقاصد میں کامیابی اور مشکلات سے خلاصی کا یقینی علاج ہے۔ اکثر لوگ بہت سی مصیبتوں و پریشانیوں میں مبتلا ہیں مثلاً (1) سکون نہ ہونا، پریشان رہنا۔ (2) بلڈ پریشر، دل کی بیماریاں اور بہت سے دوسرے امراض میں مبتلا ہونا۔ (3) رزق کی تنگی ہونا۔ (4) کاروبار میں مشکلات اور مصائب کا پیش آنا۔ (5) نکاح نہ ہونے کی وجہ سے پریشان ہونا (مرد ہو یا عورت)۔ (6) قرض کی وجہ سے پریشان ہونا (اس پر ہو یا اس کا دوسروں پر)۔ (7) کاروبار یا پڑھائی میں دل نہ لگنا۔ (8) غصہ کا غلبہ ہونا۔ (9) ماں باپ، بھائی، عزیز و اقارب وغیرہ سے نفرت ہونا۔ (10) گناہوں سے نفرت نہ ہونا۔ (11) دین کی طرف رغبت نہ ہونا۔ (12) جادو یا نظر بد کا اندیشہ ہونا۔ (13) غلط ماحول سے پریشان ہونا۔ (14) دین میں سکون و نورانیت نہ ہونا۔ (15) شیطانی وساوس اور غیر مفید خیالاتِ زندگی سے اتنا بیزار ہونا کہ خودکشی کی طرف طبیعت مائل ہونا...... وغیرہ وغیرہ۔ اس کا اکسیر اور مجرب علاج یہ ہے۔

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ

تفسیر نبوی صلی اللہ علیہ وسلم: ”نہیں ہے طاقت گناہوں سے بچنے کی لیکن اللہ کی حفاظت سے اور نہیں ہے قوت اللہ کی طاعت کی مگر اللہ کی مدد سے“

1)) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ ننانوے آفات کیلئے علاج ہے۔ جس میں سب سے چھوٹی آفت پریشانی ہے (مشکوٰۃ شریف صفحہ 202)۔

(2) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب بندہ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ پڑھتا ہے تو

اللہ تعالیٰ اس کے جواب میں فرماتا ہے کہ وہ تابعدار بن گیا اور اپنا کام اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دیا۔
(مشکوٰۃ شریف صفحہ 202)

(3) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے (مشکوٰۃ شریف صفحہ نمبر 201)۔ گناہ سے پرہیز اور عبادت کرنا جنت کے خزانوں میں سے ہے اور لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ کے بکثرت پڑھنے سے گناہوں سے بچنے اور عبادت کرنے کی توفیق مل جاتی ہے۔

(4) حضرت عوف ابن مالک اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ میں دو مصیبتوں میں مبتلا ہوں، ایک میرا لڑکا کفار نے اغوا کیا ہے اور دوسرا رزق کی بہت زیادہ تنگی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو وصیتیں فرمائیں۔ ایک تقویٰ اختیار کرو۔ دوسرا لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ کثرت سے (500 مرتبہ) پڑھا کرو۔ انہوں نے دونوں کام شروع کئے۔ وہ اپنے گھر ہی میں تھے کہ ان کا لڑکا واپس آ گیا اور اپنے ساتھ سو اونٹ بھی لے کر آیا۔ اس طرح تقویٰ اختیار کرنے اور لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ کثرت کے ساتھ پڑھنے سے یہ دونوں مصیبتیں ختم ہو گئیں۔ (معارف القرآن صفحہ 488 جلد 8)

بندہ ناچیز کا مشورہ یہ ہے کہ زبان پر دنیا کا بہت ذکر کیا اور دنیا کے کاموں کو وقت بہت دیا ہے اور خواہشات میں اپنے آپ کو بوڑھا کر لیا۔ آج لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ پڑھنے کے لئے 41 دن تک 24 گھنٹوں میں سے 20، 30 منٹ فارغ کر لیں پھر آپ کو احساس ہو گا کہ کاش میں اللہ تعالیٰ کے ذکر سے غفلت نہ کرتا۔ میں دنیا کے کاموں کو کام سمجھتا تھا مگر ذکر الٰہی کو کام نہیں سمجھتا تھا۔ میں دنیا کے کاموں کیلئے وقت نکالتا تھا ذکر کے لئے وقت نہیں نکالتا تھا۔ 41 دن کے بعد آپ ذاکر بن جاؤ گے انشاء اللہ۔ اللہ تعالیٰ نے کسی عمل کے بارے میں کثرت سے کرنے کا حکم نہیں دیا لیکن ذکر کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْکُرُوا

اللہَ ذِکْرًا کَثِیْرًا (الاحزاب: آیت 41) یعنی اللہ کا ذکر کثرت سے کرو۔ تھوڑا ذکر کرنا منافق کی علامت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا لَا یَذْکُرُوْنَ اللہَ اِلَّا قَلِیْلًا (النساء: آیت 142) یعنی منافقین ذکر کم کرتے ہیں۔ موت آنے سے پہلے اس بارے میں سوچنے میں اپنا ہی فائدہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ذکر کثیر کی توفیق نصیب کرے۔

پڑھنے کا طریقہ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ روزانہ 500 مرتبہ پڑھیں اور اس کے اول 100 مرتبہ اور آخر 100 مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اگر مشکل ہو تو درود شریف اول و آخر پانچ پانچ مرتبہ بھی کافی ہے۔ درود شریف جو بھی یاد ہو پڑھ لیں یا یہ درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ عَلَیْہِ ○ پڑھ لیں۔ یہ عمل 41 دن بلاناغہ کرنا ہے۔ اگر کسی دن ناغہ ہو جائے تو دوسرے دن ڈبل پڑھے۔ ایک نشست میں زیادہ بہتر ہے مگر ضروری نہیں۔ وضو بھی ضروری نہیں۔ عورت ماہواری کے ایام میں بھی پڑھ سکتی ہے۔ اس کے بعد اس کلام کی برکت سے اپنی حاجات کیلئے دعا کرے تو زیادہ بہتر ہے۔ 41 دن پورے ہونے پر اگر اس کے پڑھنے سے بہت زیادہ سکون ملا، دین میں ترقی محسوس ہوئی گھر میں اتفاق و محبت پیدا ہوئی، غصہ وغیرہ کم ہو گیا، کاروباری حالات میں ترقی محسوس ہوئی اور مخالفین کے بارے میں پتہ چلا کہ وہ بھی پیچھے ہو گئے ہیں تو اپنے شرعی پیر سے اجازت لے کر اسے مستقل پڑھے۔ آپ اسے باآسانی 15 سے 30 منٹ میں پڑھ سکتے ہیں۔ اگر اپنا مرشد نہ ہو تو شیخ المشائخ امامِ وقت خواجہ خواجگان حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کندیاں شریف والے کے خلیفہ (حضرت مولانا) محب اللہ عفی عنہ لورالائی بلوچستان والے سے موبائل نمبر **0333-3807299 / 0302-3807299** یا فون نمبر **0824-411082** پر اجازت کیلئے رابطہ کر سکتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کوراضی کرنے کا آسان طریقہ

آجکل انسانوں کو گمراہ کرنے کیلئے مختلف قوی اسباب موجود ہیں جن کی وجہ سے انسان غلط کاموں میں لگ کر گمراہی میں مبتلا ہوجاتا ہے اور اپنے خالق، مالک، رازق جل جلالہ سے دور ہوجاتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی ناراضگی میں مبتلا ہوجاتا ہے۔ عبادات، ذکرواذکار، عمل وتقویٰ، سنت کی اتباع، احکام الٰہیہ پر چلنا، آخرت کی فکر کرنا، موت کے بعد ابدالآباد کی زندگی بنانا یہ تمام چیزیں انسان کے دل ودماغ سے نکل جاتی ہیں۔ وہ قوی اسباب جو گمراہی کا ذریعہ ہیں، کیا کیا ہیں؟
شیطان علیہ اللعنت، نفس امارہ (سرکش)، دنیا کی محبت، عصری تعلیم کا غلط ماحول، مخلوط تعلیم، بازاروں میں بے پردہ بے حیا عورتیں، خواہشات کی پیروی، غلط ماحول، گانا بجانا، موسیقی سننا، ٹی وی، ڈی وی ڈی، کیبل، انٹرنیٹ اور موبائل کا غلط استعمال کرنا، حرام کمانا، علماء کی بے ادبی کرنا، نیک لوگوں سے عداوت رکھنا، میڈیا وغیرہ وغیرہ، ان اسباب کی وجہ سے آدمی اللہ تعالیٰ کو ناراض کردیتا ہے۔ دین سے دور ہوجاتا ہے۔ ماں باپ، بہن بھائی وغیرہ کو ناراض کردیتا ہے اور شیطان علیہ اللعنت کو راضی کرتا ہے۔
دنیا کی زندگی میں تلخی، معاشرہ میں جھگڑے، گھر میں بے اتفاقی، گالیاں اور مار پیٹ کا ہونا آخرت برباد کرنا ہے۔ ان قوی اسباب سے بچنا بے حد ضروری ہے۔ آخرت کی آگ میں لمبا عرصہ رہنے سے دنیا کی آگ میں پانچ، دس یا سوسال رہنا آسان ہے۔ جہنم کی آگ دنیا کی آگ سے ستر گنا سخت اور تیز ہے۔

ان گناہوں سے بچنے کا آسان اور کامیاب طریقہ

قرآن پاک، احادیث مبارکہ، بزرگوں کے تجربات اور ملفوظات سے کسی مرشد کامل سے بیعت ہونا اور اس کی ہدایت کے مطابق کچھ نہ کچھ ذکر کرنا ثابت ہوتا ہے۔ اس کی مجلس میں اللہ تعالیٰ کے لئے کبھی کبھار حاضری دینا، اس کی توجہات سے فائدہ اٹھانا تاکہ اس کی صحبت سے دل میں عشق الٰہی آجائے، نورانیت

مل جائے اور عبادت کی توفیق مل جائے، شیطان علیہ اللعنت سے نفرت ہو جائے، برے کاموں سے حفاظت آسانی کے ساتھ نصیب ہو جائے۔ بڑے بڑے حضرات کی زبان پر یہ شعر مشہور ہے۔

یک زماں صحبت با اولیاء بہتر از صد سال طاعت بے ریا

ترجمہ: ولی اللہ کی ایک ساعت کی صحبت سو سال کی بے ریا عبادت سے بہتر ہے۔

کیا یہ شعر ویسے ہی مشہور ہے، کیا کوئی حقیقت نہیں رکھتا؟ اگر آپ کو یقین نہ ہو تو کم از کم تجربہ کر لیں ایسا ہی پائیں گے انشاء اللہ تعالیٰ۔ جب اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ نیک لوگوں کے ساتھ ہو جاؤ، اگر ان کی صحبت میں فائدہ نہیں تھا تو پھر اللہ تعالیٰ نے کیوں فرمایا کہ نیک لوگوں کے ساتھ ہو جاؤ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدمی اپنے گہرے (زندہ) دوست کے دین پر ہوتا ہے۔ مرشد کامل گہرا دوست ہوتا ہے اگر مرشد کامل جو مکمل متبع سنت ہے اس کی بیعت اور گہری دوستی سے مرید میں دین منتقل نہیں ہوتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیوں بتایا کہ آدمی گہرے دوست کے دین پر ہوتا ہے (سمجھ کی بات ہے)۔ غور کرنا چاہیے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چار قسم کے لوگوں کے لئے اللہ تعالیٰ کی محبت واجب ہے۔ اللہ تعالیٰ کی وجہ سے محبت کرنے والے، اللہ تعالیٰ کی وجہ سے ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھنے والے، اللہ تعالیٰ کی وجہ سے ملاقات کرنے والے، اللہ تعالیٰ کی وجہ سے ایک دوسرے پر خرچ کرنے والے۔ مرشد کامل وہی ہوتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی وجہ سے مریدین کے ساتھ محبت کرتا ہے، بیٹھتا ہے، ملاقات کرتا ہے، خرچ کرتا ہے۔ اگر مرید کو مرشد کامل کی محبت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کی محبت نہیں ملتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیوں بتایا کہ اللہ تعالیٰ کی محبت واجب ہے اللہ تعالیٰ کے لئے محبت کرنے والے کے لئے، اسی طرح بیٹھنے والے کے لئے، ملاقات کرنے والے کیلئے، خرچہ کرنے والے کیلئے۔

غور کرنا چاہیے، اپنے آپ پر رحم کرنا چاہیے ہماری گمراہی کے لئے کتنے زیادہ اور زبردست اسباب ہیں۔ ہم کوئی فکر نہیں کرتے۔ صرف ذکر کرنے سے کام نہیں بنتا جب تک مرشد کامل کی صحبت نہ ہو۔ مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ ملفوظات کمالات اشرفیہ صفحہ 183 پر لکھتے ہیں کہ اگر کوئی لاکھ تسبیحیں پڑھتا رہے کچھ نفع نہیں بغیر صحبت شیخ کے کیونکہ عادت اللہ یونہی جاری ہے کہ بدون صحبت شیخ کے خالص ذکر کام بنانے کے لئے کافی نہیں۔

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو جو مقام ملا، صحبت کی وجہ سے ملا نہ کہ مجاہدہ اور ذکراذ کار سے۔ اگر چہ وہ مجاہدہ اور ذکراذ کار بھی کرتے تھے۔ آج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت نہیں ملتی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نائب یعنی مرشد کامل تو ملتے ہیں مگر طلب کرنے سے۔ اگر ہم مرشد کامل کی صحبت اور بیعت اختیار نہیں کرتے تو ہمارا مرشد شیطان علیہ اللعنت ہوگا جیسا کہ بزرگوں کا مقولہ ہے کہ **جس کا مرشد نہ ہو اس کا مرشد شیطان ہوتا ہے**۔ شیطان اس کی رہبری کرتا ہے نورانی چالوں میں۔ شیطان کی دو قسم کی چالیں ہیں، ظلمانی اور نورانی۔ نورانی چالیں زیادہ خطرناک ہیں۔ مرشد کامل کو نورانی چالوں کا پتہ چل جاتا ہے اس لئے مرشد کامل کی بیعت اور صحبت بے انتہا ضروری ہے۔ مرشد کامل کے قلب میں یہ کیفیت ہوتی ہے کہ **يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا** (الانفال: آیت 29) یعنی حق و باطل میں پہچان کرسکتا ہے۔

بندہ ناچیز کا مشورہ یہ ہے کہ اپنے آپ کو روحانی مریض سمجھ کر مرشد کامل سے بیعت ہو جائیں، اس کی ہدایت کے مطابق کچھ نہ کچھ ذکر کریں، اس کی صحبت میں حاضری دیں، اللہ تعالیٰ اپنی رضامندی کے لئے ہم سب کو نیک لوگوں کی صحبت اور رہبری نصیب فرمائے۔ آمین یا ارحم الراحمین۔

مرشد کامل کی بیعت کی ضرورت واحتیاج

کیا اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن پاک اور احادیث مبارکہ میں جو اعمال اور اذکار بتائے ہیں وہ ہدایت وتقویٰ، محبت ومعرفت اور عشق الٰہی پیدا کرنے کے لئے اور نفس وشیطان و غلط ماحول سے بچانے کے لئے کافی نہیں ہیں، پھر مرشد کامل کی بیعت کی کیا ضرورت واحتیاج ہے؟

بیعت کی اہمیت بڑوں اور بزرگوں کے ارشادات کی روشنی میں

حکیم الامت مجدد ملت حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ حقیقۃ التصوف و التقویٰ اور آداب معاشرۃ میں لکھتے ہیں کہ ایک ہے ترجمہ سیکھنا وہ مدارس سے ملتا ہے۔ دوسرا ہے ترجمہ اپنے آپ میں لانا وہ خانقاہوں سے مرشد کامل کی صحبت سے مل جاتا ہے۔ حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ ملفوظات کمالات اشرفیہ صفحہ 183 میں فرماتے ہیں کہ بدون صحبت شیخ اگر کوئی لاکھ تسبیح پڑھتا رہے کچھ نفع نہیں۔ حضرت خواجہ صاحب (حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے متعلقین میں سے)

نے عرض کیا کہ حضرت خود ذکر اللہ میں یہ کیفیت ہونی چاہیے تھی کہ وہ خود کافی ہوجایا کرتا، صحبت شیخ کی کیوں قید ہے؟ فرمایا کہ کام تو ذکر اللہ ہی بناوے گا لیکن عادت اللہ یوں ہی جاری ہے کہ بدون شیخ کی صحبت کے ہر ذکر کام بنانے کے لئے کافی نہیں۔ اس کیلئے صحبت شیخ شرط ہے۔ جس طرح کاٹ جب کرے گی تلوار ہی کرے گی۔ لیکن شرط یہ ہے کہ وہ کسی کے قبضہ میں ہو ورنہ اکیلی تلوار کچھ نہیں کر سکتی۔ گو کاٹ جب ہوگی تو تلوار ہی سے ہوگی۔

مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ بیعت کے وقت اجمالاً (مرشد) کے ذریعہ سے القائے نسبت ہوجاتی ہے یعنی مناسبت اجمالی حق تعالیٰ کے ساتھ پیدا ہوجاتی ہے۔ اہل اللہ کے ساتھ تعلق ہوگیا تو گویا اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق ہوگیا۔ بیعت سے گویا ایک خصوصیت ہوگئی اللہ تعالیٰ کے ساتھ (کمالات اشرفیہ صفحہ 245)۔

ماہنامہ رسالہ سلوک واحسان کراچی میں صفر المظفر 1432ھ کے شمارہ کے صفحہ 11 پر لکھا ہے کہ ”بانی تبلیغی جماعت مولانا الیاس رحمۃ اللہ علیہ سالہا سال مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کی خانقاہ میں پڑے رہے۔ اللہ اللہ کا ذکر کرتے تھے۔ اللہ کا نام لینے سے اس کو جو نور حاصل ہوا، اسی نور سے سارے عالم کو سیراب کیا اور منور کیا“۔

مولانا الیاس رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ”تصوف سے مقصود یہ ہے کہ مئمورات شرعی، مرغوبات طبعی بن جائیں اور منہیات شرعی، مکروہات طبعی بن جائیں۔ (ملفوظات مولانا الیاس رحمۃ اللہ علیہ صفحہ 15)

شیخ الحدیث حضرت مولانا زکریا رحمۃ اللہ علیہ صقالۃ القلوب میں لکھتے ہیں کہ ایک ہے علم نبوی وہ کتابوں سے ملتا ہے۔ دوسرا ہے نور نبوی وہ سینوں (مرشد کامل کے سینے) سے ملتا ہے۔

شیخ الحدیث حضرت مولانا زکریا رحمۃ اللہ علیہ نے فضائل اعمال صفحہ 631 باب فضائل تبلیغ کے آخر میں تحریر فرمایا ”یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَ کُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ o (التوبہ : آیت 119)

اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ رہو (بیان القرآن)

مفسرین نے لکھا ہے کہ سچوں سے مراد اس جگہ مشائخ صوفیہ ہیں جب کوئی شخص ان کی چوکھٹ کے خدام

میں داخل ہو جاتا ہے تو ان کی تربیت اور قوت ولایت کی بدولت بڑے بڑے مراتب تک ترقی کر جاتا ہے، شیخ اکبر رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ اگر تیرے کام دوسرے کی مرضی کے تابع نہیں ہوتے تو تو کبھی بھی اپنے نفس کی خواہشات سے انتقال نہیں کر سکتا گو عمر بھر مجاہدے کرتا رہے .... لہٰذا ضروری ہے کہ شیخ کامل کی تلاش میں سعی کر، تاکہ تیری ذات کو اللہ سے ملا دے''۔

فقیہ العصر حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کا ہدایت آموز واقعہ

حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ جو اپنے زمانے میں فقیہ العصر کا لقب رکھتے تھے صرف زیارت کے لئے حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ تعالیٰ کے پاس حاضر ہوئے۔ واپسی کا عرض کیا کہ تدریس کی وجہ سے طلباء انتظار میں ہیں۔ حضرت نے رات گذارنے کا فرمایا۔ مولانا نے کہا کہ خانقاہ میں رش کی وجہ سے نیند میں خلل آئے گا۔ حضرت نے فرمایا کہ میں خانقاہ والوں کو سمجھا دوں گا۔ مولانا نے عرض کیا ٹھیک ہے صبح واپس چلا جاؤں گا انشاء اللہ تعالیٰ۔ مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ رات وہاں پر سو گئے۔ فرماتے ہیں کہ تہجد کے وقت میری آنکھ کھلی تو میں نے دیکھا بہت سارے لوگ نوافل پڑھ رہے ہیں۔ تلاوت کررہے ہیں، تسبیحات کررہے ہیں، کچھ بیٹھے اللہ کا ذکر کررہے ہیں۔ میرے دل میں خیال آیا کہ رشید احمد ورثۃ الانبیاء میں شامل ہونے کی تمنا میں تو آ گئے ہو انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کا خلق تو یہ تھا۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے بارے میں قرآن پاک میں ہے کہ ''كَانُوا قَلِيلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُونَ ۝ وَبِالْأَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُونَ ۝ (الذّٰریٰت : آیت 18,17) اور ایک مقام پر ہے کہ تَتَجَافٰى جُنُوبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ'' (السجدۃ: آیت 16)۔ خانقاہ شریف کا ماحول دیکھنے سے صحابہ کا نقشہ یاد آیا اور اس سے متاثر ہوئے۔ وضو کیا، نفل پڑھے، بیٹھ کر ذکر شروع کر دیا۔ نماز صبح کے بعد حضرت سے واپسی کا عرض کیا۔ حضرت نے فرمایا مولانا ذکر تو کر رہے ہو تو سیکھ کر ذکر کرلو۔ مولانا کو کوئی جواب نہیں آیا۔ آخر گذارش کی کہ حضرت مجھے بیعت کرلو۔ حضرت نے اسی وقت بیعت کے کلمات پڑھائے اور ذکر سکھایا۔ مولانا فرماتے ہیں ان کلمات کو پڑھ کر میرے دل میں ایسی کیفیت ہوئی کہ میں نے سوچا ساری عمر میں نے پڑھانا ہی ہے مگر اپنی اصلاح کے لئے بھی کچھ وقت ہونا چاہیے۔ مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ سے عرض کیا کہ

حضرت ایک ماہ قیام کروں گا۔ ایک ماہ میں حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے توجہات دیں، ذکر کرایا حتیٰ کہ حضرت کے اندر نسبت کا نور چمکنے لگا۔ مرشد کامل مرید کا امتحان لیتا ہے۔ حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ کو ایک صاحب نے کھانے کی دعوت دی تو حضرت رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کو بھی ساتھ لے گئے۔ حضرت نے ان کو دستر خوان کے کونے پر بٹھایا، ہلکا کھانا ان کو کھلایا اور ساتھیوں کو مرغ اور اچھا کھلایا گیا۔ حضرت نے فرمایا کہ رشید احمد میرا دل چاہتا ہے کہ تجھے جوتوں میں بٹھاتا مگر میں نے کہا چلو تمہیں دستر خوان کے کونے میں ہی بٹھا دیتے ہیں۔ حضرت نے ان کے چہرے کو دیکھا کہ ناگواری محسوس ہوتی ہے یا نہیں۔ تو مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے بالکل تازہ چہرہ اور کشادہ پیشانی سے عرض کیا کہ حضرت میں تو جوتوں میں بیٹھنے کے قابل بھی نہیں تھا آپ نے مجھ پر احسان کیا کہ دستر خوان پر بیٹھایا۔ حضرت نے فرمایا الحمدللہ اس میں جو نفس تھا وہ مٹ چکا ہے، مر چکا ہے۔ حضرت نے ان کو خلافت دی۔ مولانا نے عرض کیا حضرت میں کچھ نہیں ہوں مجھے کیوں خلیفہ بنایا۔ حضرت نے فرمایا اسی وجہ سے خلافت دیتا ہوں کہ تم سمجھ رہے ہو کہ تم کچھ نہیں ہو، اگر تم اپنے آپ کو کچھ سمجھتے تو پھر آپ خلافت کے قابل نہ ہوتے۔ ایک مہینہ کے بعد مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ گنگوہ آ گئے۔ ایک ماہ وہاں پر کام کرتے رہے۔ ایک ماہ کے بعد پھر حضرت حاجی صاحب سے ملاقات ہوئی۔ تو حضرت نے ان سے پوچھا۔ میاں رشید احمد بیعت سے کچھ تبدیلی نظر آئی۔ مولانا تھوڑی دیر سوچتے رہے، پھر فرمانے لگے، تین تبدیلیاں نظر آئیں۔ پوچھا کونسی ہیں؟ جواب دیا (1) پہلے شریعت پر عمل کرنے کیلئے اپنے نفس کو مجبور کرنا پڑتا تھا اب بے تکلفی کے ساتھ شریعت پر عمل ہو جاتا ہے۔ یعنی طبیعت شریعت کے موافق بن گئی۔ شریعت جس طرح چاہتی ہے، طبیعت بھی اسی طرف جاتی ہے۔ (2) پہلے مطالعہ میں نصوص کے درمیان تعارض نظر آتا تھا۔ اب نصوص کے درمیان تعارض ختم ہو گیا کہیں تعارض نظر نہیں آتا۔ (3) مجھے پہلے کسی مدح سے خوشی اور ذم سے ناراضگی محسوس ہوتی تھی۔ اب دونوں برابر ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ راضی ہو جائے مخلوق راضی ہو یا ناراض ہو کوئی پرواہ نہیں۔

حضرت نے فرمایا، الحمدللہ دین میں تین درجے ہیں علم، عمل اور اخلاص۔ علم میں دو درجے ہیں۔ علم غیر کامل اور علم کامل۔ علم غیر کامل عام علم ہوتا ہے۔ علم کامل وہ ہوتا ہے کہ جو نصوص کے درمیان تعارض نظر نہیں

آ تا۔عمل بھی ناقص اور کامل،عمل ناقص وہ عام عمل ہوتا ہے۔عمل کامل وہ ہوتا ہے کہ طبیعت شریعت کے مطابق بن جائے۔اخلاص کے دو درجہ ہیں۔اخلاص ناقص اور اخلاص کامل۔اخلاص ناقص عام اخلاص ہوتا ہے۔اور اخلاص کامل وہ ہوتا کہ مدح ذم کی پرواہ نہ رہے۔

ایقاط الھمم شرح الحکم تصوف کے موضوع پر مرکزی کتاب ہے۔خانقاہ سراجیہ کندیاں شریف میانوالی سے ملتی ہے۔اس میں لکھا ہے **مَنْ لَّمْ یَکُنْ لَّهُ شَیْخٌ فَشَیْخُهُ الشَّیْطٰنُ**۔ ترجمہ **جس شخص کا مرشد کامل نہ ہو،تو اس کا مرشد شیطان ہوتا ہے**۔یعنی جب مرشد کامل کی رہبری نہ ہوتو اس کا رہبر شیطان علیہ العنت ہوتا ہے۔

مرشد کامل کی صحبت اور نگرانی کو کیوں ضروری قرار دیا؟

سوال: کیا اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے احادیث مبارکہ میں جو اعمال اذکار بتائے ہیں ہدایت اور تقویٰ کیلیئے کافی نہیں ہیں۔مرشد کامل کی صحبت اور نگرانی کو کیوں ضروری قرار دیا؟

جواب نمبرا : مفتی اعظم مولانا مفتی محمد شفیع رحمۃ اللہ علیہ معارف القرآن میں لکھتے ہیں کہ ہدایت کے لئے صرف قرآن پاک کا پڑھنا (چاہے لفظ کے ساتھ یا معنی کے ساتھ) کافی نہیں جب تک قرآن پاک پر عمل کرنے والوں (مرشد کامل) کی صحبت اختیار نہ کی جائے۔اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک اتارا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نبی بنا کر بھیجا کہ قرآن پاک پر عمل کرو اس طرح کہ نبی علیہ الصلوۃ والسلام کے عمل کو دیکھ کر اتباع کرو۔اگر اس کی ضرورت نہ ہوتی تو اللہ تعالیٰ لوگوں کی اپنی زبان میں صرف قرآن پاک نازل فرماتے کہ اس پر عمل کرو۔مگر اللہ تعالیٰ نے ایسا نہیں کیا بلکہ کتاب اللہ کے ساتھ رہبر بھی بھیجا (یعنی زمانے کا رسول)۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اس رہبری کے لئے مرشد کامل ہوتا ہے کیونکہ مرشد کامل پر مرید کو اعتقاد،اعتماد،انقیاد ہوتا ہے۔نفع حاصل کرنے کیلیئے یہ تینوں صفات ضروری ہیں۔دنیاوی معاشرے میں دیکھیں کہ ماہر کی صحبت کے بغیر کام نا کام ہو جاتا ہے۔حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اسی طرح لکھا ہے کہ درزی کتابوں سے پڑھ پڑھ کر لوگوں کے کپڑے نہیں سی سکتا۔جب تک کسی درزی کی صحبت اختیار نہ کرے۔اسی طرح ڈاکٹر بننا،

ڈرائیور بننا، کھانا پکانے کا ماہر بننا صرف کتابوں کے پڑھنے سے نہیں ہوتا جب تک اسی فن کے ماہر کی صحبت اختیار نہ کی ہو۔ جس پر اعتقاد، اعتماد، انقیاد ہو۔ اسی طرح تقویٰ، محبت الٰہی، عشق الٰہی کی دولت تقویٰ والوں کی محبت اور عشق الٰہی والوں سے ملتی ہے۔

جواب نمبر 2: علماء دیوبند کا کردار پوری دنیا مانتی ہے دعوت وتبلیغ کی شکل میں ہو یا مدارس وسیاست کی شکل میں ہو یا ذکرواذکار، تذکیہ نفس وختم نبوت یا تصنیف وجہاد کی شکل میں ہو۔ اس کی بنیادی وجہ علم ظاہری نہیں تھا بلکہ وہ مرشدین کاملین سے فیض یافتہ تھے۔ اس کے مقابلے میں دوسرے ملکوں میں بڑے بڑے علماء ظاہر ہوئے ہیں لیکن ان کا کردار اپنے ملک میں بھی نظر نہیں آتا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کے پاس علم ظاہری کے ساتھ باطنی علم نہیں ہے۔

جواب نمبر 3: قرآن پاک میں ہے: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ o (التوبہ : آیت 119) یعنی تقویٰ فرض ہے۔ تقویٰ حاصل کرنے کیلئے نیک لوگوں کی صحبت بھی فرض ہے۔ مرشد کامل وہی ہوتا ہے جس کی صحبت سے مرید فائدہ حاصل کرسکتا ہو کیونکہ اس پر اعتقاد، اعتماد، انقیاد ہے۔ یہ اصول ہے نفع حاصل کرنے کے لئے۔ یہ عادت اللہ ہے کہ مرشد کامل اور مرید کے درمیان اعتقاد، اعتماد اور انقیاد ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نیک لوگوں کی صحبت سے ہمیں کامل اور مکمل تقویٰ والا بنادے آمین۔

مرشد کامل کی پہچان

مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے کمالات اشرفیہ صفحہ 37 میں لکھا ہے کہ پہچان شیخ (مرشد کامل) یہ ہے کہ شریعت کا پورا متبع ہو۔ بدعت اور شرک سے محفوظ ہو اور جہل کی بات نہ کرتا ہو۔ اس کی صحبت میں بیٹھنے کا اثر یہ ہو کہ دنیا کی محبت کم ہوتی جائے اور حق تعالیٰ کی محبت زیادہ ہوتی جائے مرید جو مرض باطنی بیان کرے وہ اس کو توجہ سے سن کر اس کا علاج تجویز کرے اور جو علاج تجویز کرے اسی سے نفع ہوتا ہے۔ اس کے اتباع کی بدولت روز بروز حالت درست ہوتی جائے۔

مرشد کامل کا حق: مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس شعر میں شیخ کا حق بتایا ہے۔

تین حق مرشد کے ہیں رکھ ان کو یاد　　　اعتقاد و اعتماد و انقیاد

کیا نیک لوگ، جیسے بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ، غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ ختم ہوگئے؟

سوال: عموماً کہا جاتا ہے کہ آج کل نیک لوگ جیسے بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ، غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ وغیرہ ختم ہوگئے ہیں اور ایسے حضرات نہیں ملتے؟

جواب: مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے قسم کھائی ہے کہ آج کل بھی ایسے بڑے حضرات ہیں اور قیامت تک ہوں گے۔ تقویٰ اختیار کرنے کے بارے میں قرآن پاک میں نسخہ ہے کہ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ ○ (التوبہ : آیت 119) کہ نیک لوگوں کے ساتھ ہو جاؤ۔ یہ آیت قیامت تک کے لئے ہے قیامت تک کے لوگوں کیلئے یہ حکم ہے کہ نیک لوگوں کے ساتھ ہو جاؤ۔ تو پتہ چلا کہ قیامت تک نیک لوگ ہوں گے۔ اس کے لئے ایک مثال ہے، باپ بیٹے سے کہتا ہے کہ دودھ پیتے رہو، کمزوری ختم ہو جائے گی۔ یہ اس وقت کہہ سکتا ہے کہ جب باپ کے پاس دودھ ہو ورنہ نہیں کہہ سکتا۔ لیکن نیک لوگوں کے ملنے کے لئے تین شرطیں ہیں مقصود ہو، طلب ہو اور پیاس ہو۔ جب آدمی بیمار ہوتا ہے تو اچھے سے اچھا ڈاکٹر تلاش کرتا ہے اسی طرح روحانی ڈاکٹر تلاش کرنے چاہئیں جو قیامت تک ملتے رہیں گے۔

سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ میں بیعت

تربیت مریدین کے لئے مشہور سلاسل چار ہیں۔ نقشبندیہ، قادریہ، چشتیہ، سہروردیہ۔ ان میں سلسلہ نقشبندیہ کی خصوصیت کے بارے میں حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص ہمارے طریقہ (سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ) میں داخل ہوا، وہ محروم نہیں رہے گا۔ اور جو ازلی محروم ہے وہ ہمارے سلسلہ سے منسلک نہ ہو سکے گا۔

مکتوبات امام ربانی میں یہ بھی لکھا ہے کہ سلسلہ نقشبندیہ میں مرید کی ترقی کا دارومدار اکثر مرشد کامل کی توجہات پر ہوتا ہے۔ اگرچہ ذکر اذکار مراقبات بھی کرنے ہیں۔ اکمال الشیم میں حضرت مولانا خلیل احمد سہارنپوری رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا کہ اللہ والوں کی توجہ سے سب کچھ ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اگر وہ فاسق کی طرف توجہ فرماتے ہیں تو وہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے فسق سے توبہ کرتا ہے۔ اگر کافر کی طرف توجہ

فرماتے ہیں تو وہ کفر سے توبہ کرتا ہے۔ اگر مریض کی طرف توجہ فرماتے ہیں تو اس کو شفا ملتی ہے۔ صرف تقدیر کی دیوار کو نہیں گرا سکتے۔ شیخ الحدیث مولانا زکریا رحمۃ اللہ علیہ اپنی شرح بخاری تقریر بخاری میں لکھتے ہیں اللہ والوں کی توجہ چار قسم کی ہوتی ہے (1) توجہ انعکاسی (2) توجہ القائی (3) توجہ اصلاحی (4) توجہ اتحادی۔

انعکاسی: یہ وہ ہوتی ہے کہ مرشد اپنے مرید کو توجہ کرتا ہے وہ اثر محسوس کرتا ہے مگر یہ اثر مرشد کے موجود رہنے تک رہتا ہے۔ اس کے جانے سے اثر بھی جاتا ہے یہ سب سے ضعیف ہے۔

القائی: وہ ہوتی ہے کہ مرشد کے جانے سے بھی اثر نہیں جاتا مگر گناہ کی نحوست سے جاتا ہے یہ تھوڑی سی قوی ہے۔

اصلاحی: یہ وہ ہوتی ہے کہ مرید خود بھی ذکر اذکار کے معمولات کا پابند ہو، اس پر مرشد کی توجہ اتنی طاقتور ہوتی ہے کہ مرید کے گناہ کرنے سے بھی توجہ کا اثر اور مزہ ختم نہیں ہوتا بلکہ مستقل جاری رہتا ہے یہ توجہ بہت قوی ہے۔

اتحادی: یہ وہ ہوتی ہے کہ مرشد مرید پر اتنی زوردار توجہ ڈالتا ہے کہ مرید بالکل مرشد جیسا بن جاتا ہے۔ مولانا زکریا رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی وضاحت کے لئے باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ کا واقعہ پیش فرمایا ہے۔

عجیب واقعہ: حضرت باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ کے پاس چند مہمان آئے۔ مہمان نوازی کیلئے کچھ نہیں تھا۔ باورچی کو پتہ چلا تو وہ اپنے گھر سے کھانا لایا۔ مہمانوں کا اکرام کیا۔ حضرت بہت خوش ہوئے۔ فرمایا اب کچھ مانگ لو۔ مرید نے کہا کہ میں آپ جیسا بن جاؤ۔ انہوں نے کہا اور مانگو یعنی اس کے علاوہ کوئی اور چیز مانگو۔ اس نے اس پر اصرار کیا۔ حضرت اس کو کمرے میں لے گئے اور اس پر اتنی زوردار توجہ ڈالنی شروع کر دی یہاں تک کہ مرید اور حضرت باقی باللہ رحمۃ اللہ کی شکل وشباہت ایک جیسی ہوگئی۔ باہر نکلے، پتہ نہیں چلتا تھا کہ حضرت باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ کون اور باورچی کون ہے؟ صرف اتنا فرق تھا کہ حضرت باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ ہوش میں تھے اور مرید بے ہوشی میں تھا۔ تین دن کے بعد باورچی انتقال کر گیا کیونکہ توجہ کو برداشت نہ کرسکا۔ اس کو توجہ اتحادی کہتے ہیں۔

عجیب مثال: کچھوا پانی میں رہتا ہے۔ انڈے خشکی پر ریت میں دیتا ہے۔ اور پھر پانی سے انڈوں پر توجہ کرتا ہے۔ بچے نکلتے ہیں۔ اگر کچھوا مر جائے تو انڈے ضائع ہو جاتے ہیں۔

دوسری مثال کونج ایک لمبی گردن والا پرندہ ہے۔ گرمیوں میں سائبیریا اور روس جاتا ہے۔ انڈے وہاں دیتا ہے۔ سردیوں میں گرم ممالک میں آجاتا ہے پھر یہاں (گرم ممالک) سے انڈوں کی طرف توجہ کرتا ہے۔ اس توجہ کے زور سے انڈوں سے بچے نکالتا ہے۔ اگر وہ مرگیا تو انڈے ضائع ہوجاتے ہیں۔

خلاصہ: اللہ تعالیٰ نے جب کچھوے اور کونج کی توجہ میں اتنی تاثیر رکھی ہے تو اولیاء اللہ کی توجہات میں کتنی تاثیر رکھی ہوگی۔ مقصد یہ ہے کہ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ میں مریدین کے لئے زیادہ سہولت ہے کہ اس سلسلہ پاک میں مرشد کی توجہات سے مرید کو ترقی ملتی ہے اگرچہ زیادہ مجاہدات نہیں ہوتے جیسے دوسرے سلاسل میں ہوتے ہیں۔

حضرت اقدس مولانا محمد عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا کہ بیعت کا مقصد کیا ہے؟ آپ نے ارشاد فرمایا: ''آپ دیکھتے ہیں کے احکام شرعیہ اور امور دینیہ کا علم ہوتے ہوئے بھی لوگوں کو اخلاق حسنہ اور اعمال صالحہ پر کاربند رہنا مشکل ہوتا ہے۔ بہت سے مسلمان ایسے بھی ہیں کہ نماز روزہ کے تو عادی ہوتے ہیں مگر جھوٹ، فریب اور غیبت جیسی برائیوں سے پرہیز نہیں کرتے۔ بیعت کا مقصد واحد یہ ہے کہ انسان سے رزائل چھوٹ جاتے ہیں اور ان کی بجائے اخلاق عالیہ پیدا ہوجاتے ہیں۔ اعمال صالحہ کی بجا آوری میں سہولت اور معاصی سے نفرت ہوجاتی ہے''۔

اہمیت بیعت قرآن پاک واحادیث مبارکہ کی روشنی میں

قَالَ اللّٰهُ تَعَالیٰ ''لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ''(اٰل عمرٰن: آیت 164)

دلیل نمبر 1: اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کی ذمہ داری اور منصب یوں بتایا۔ (1) قرآن پاک زبانی بتانا۔ (2) قرآن پاک کے معنی بتانا۔ (3) حدیث مبارکہ بتانا۔ یہ تینوں کام علم ظاہر والے علماء نے مدارس کی شکل میں سنبھال لئے ہیں۔ (4) تزکیہ نفس کرانا یعنی تعلیم کے علاوہ عملی نگرانی کرنا۔ یہ ذمہ داری علماء علم باطن نے سنبھالی ہے جو کہ خانقاہوں میں پوری کی جاتی ہے۔

دلیل نمبر 2: اللہ تعالیٰ کی طرف سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سورۃ ممتحنہ میں حکم ہوا کہ مومنات خواتین کو بیعت میں قبول کریں یہ بیعت اسلام اور بیعت جہاد نہیں تھی بلکہ بیعت اصلاح اور

تزکیہ نفس کے لئے تھی۔

دلیل نمبر 3: اللہ تعالیٰ نے تقویٰ کو فرض قرار دیا اور زندہ نیک لوگوں کے ساتھ رہنا بھی فرض قرار دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَ کُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَO (التوبہ : آیت 119) یعنی اے ایمان والو تقویٰ اختیار کرو اور ہو جاؤ نیک لوگوں کے ساتھ۔ مقصد یہ ہوا کہ نیک لوگوں (جو زندہ ہوں) کی صحبت اختیار کرنے سے متقی بننا آسان ہو جاتا ہے اور مرشد کامل نیک آدمی ہی ہوسکتا ہے۔ مرشد کامل کی بیعت وصحبت سے مرید بغیر وعظ ونصیحت کے تقویٰ والا بن جاتا ہے۔

دلیل نمبر 4: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدمی اپنے گہرے دوست کے دین پر ہوتا ہے۔ اَلْمَرْأُ عَلٰی دِیْنِ خَلِیْلِهٖ فَلْیَنْظُرْ مَنْ یُّخَالِلُ ۔ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک اصول وضع کیا کہ جس کا دوست اچھا ہوگا وہ اچھا ہوگا۔ اور جس کا دوست برا ہوگا وہ برا ہوگا۔ مرشد کامل ہی گہرا دوست ہونا چاہیے۔ دنیا کا ہر کام ہم نشینی کے ذریعہ ہی آسان ہوتا ہے اور دین بھی اسی طرح ہے۔

وضاحت کے لئے مثال ہے کہ پانی کے دو تالاب ہیں۔ ایک میں مچھلیاں ہیں دوسرے میں نہیں۔ جس میں مچھلیاں نہیں ہیں وہ چاہتا ہے کہ میرے اندر بھی مچھلیاں ہوں۔ اب مچھلیاں آنے کا طریقہ یہ ہوگا کہ جس تالاب میں مچھلیاں ہیں اس سے دوسرے تالاب کو پانی کا راستہ کھول دیا جائے تا کہ پانی میں دوسرے تالاب تک مچھلیاں پہنچ سکیں۔ خشکی سے مچھلیاں نہیں گذر سکتیں۔ اسی طرح مرشد کامل کا دل محبت الٰہی، معرفت الٰہی اور عشق وتقویٰ سے بھرا ہوتا ہے۔ جس کا دل چاہتا ہے کہ میرے دل میں بھی محبت، معرفت، تقویٰ اور عشق الٰہی آ جائے تو اس کو چاہیے کہ اپنے دل کے تالاب کو مرشد کامل کے دل کے تالاب سے بیعت کے ذریعہ سے اتصال کر لے۔ وہی محبت ومعرفت وعشق الٰہی وتقویٰ واتباع سنت و اجتناب از بدعت و نافرمانیاں مرید کے دل میں آنا شروع ہو جائیں گی۔ انوارات و فیوضات منتقل ہو جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ نصیب کرے۔ آمین

نوٹ: پہلی امتوں کی اصلاح کے لئے اللہ تعالیٰ انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کو مبعوث فرمایا کرتے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آخری نبی ہیں ان کے بعد کسی بھی قسم کا کوئی بھی نیا نبی نہیں آئے گا۔ اس لئے خود اپنی اصلاح کرنا اور دوسروں کی اصلاح کی فکر کرنا بھی اس اُمت کی ذمہ داری ہے۔ لہٰذا خود بھی کسی مرشد کامل کے ہاتھ پر بیعت کر کے دوسروں کو بھی اس کی ترغیب دینی چاہیے۔

خانقاہ سراجیہ سعدیہ نقشبندیہ نزد کمشنری لورالائی بلوچستان پاکستان کا تعارف

حضرت مولانا محب اللہ صاحب مدظلہ العالی کی تاریخ پیدائش 14 جولائی 1953ء بمطابق 3 ذیقعدہ 1372 ہجری ہے۔آپ کی جائے پیدائش نانا صاحب کا گھر ضلع ژوب ہے۔آپ کے والد ماجد کا نام حضرت ملا نواب رحمۃ اللہ علیہ اور قوم کبزئی ہے۔آپکے والد ماجد نے تقریباً پندرہ سال افغانستان میں تحصیل علم کیلئے بڑی مشقت کی زندگی گذاری اور ساتھ ساتھ تزکیہ نفس کے لئے مجاہدات ، ریاضات میں لگے رہے اور پیر طریقت عالم باعمل حضرت مُلا عبدالخلاق اخندزادہ رحمۃ اللہ علیہ سے خلافت ملی۔آپکے والد ماجد اپنے علاقے میں صبر ،توکل ، اعتماد علی اللہ میں ضرب المثل تھے۔حضرت ملا نواب رحمۃ اللہ علیہ کے پانچ بیٹوں اور دو بیٹیوں میں حضرت مولانا محب اللہ صاحب مدظلہ سب سے بڑے ہیں۔

علم ظاہری : حضرت مولانا محب اللہ صاحب مدظلہ نے ابتدائی تعلیم مرغہ کبزئی ضلع ژوب میں اپنے نانا جان حضرت ملا عبدالخلاق اخندزادہ رحمۃ اللہ علیہ کے مدرسہ فیض العلوم میں حاصل کی ۔ موقوف علیہ تک تمام کتابیں اسی مدرسہ میں پڑھیں ۔آپ کے اساتذہ کرام میں مولانا محمد دین موسیٰ خیلی رحمۃ اللہ علیہ فاضل دارالعلوم دیوبند، شیخ الحدیث مولانا اللہ داد کاکڑ صاحب ،مولانا محمد ہاشم رحمۃ اللہ علیہ، مولانا سید محمد رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا شاہ میران رحمۃ اللہ علیہ جیسی نامور اور قابل قدر شخصیات شامل ہیں۔دورہ حدیث شریف مدرسہ تنویر القرآن ژوب میں مولانا اللہ داد کاکڑ صاحب اور مولانا جان محمد صاحب سے مکمل کیا۔حضرت مولانا محب اللہ صاحب مدظلہ تعلیم مکمل کرنے کے بعد مدرسہ فیض العلوم مرغہ کبزئی ، مدرسہ دارالعلوم اسلامیہ لورالائی اور مدرسہ مفتاح العلوم قاسمیہ میں پڑھاتے رہے۔پھر نزد کمشنری لورالائی میں اپنا مدرسہ قائم کرلیا۔

علم باطنی: مولانا محب اللہ صاحب مدظلہ نے اپنے نانا جان حضرت ملا عبدالخلاق اخندزادہ رحمۃ اللہ علیہ سے سلسلہ قادریہ میں بیعت کی ۔حضرت ملا عبدالخلاق اخندزادہ رحمۃ اللہ علیہ کو قادریہ اور

نقشبندیہ دونوں سلاسل میں خلافت ملی ہوئی تھی اور پاکستان کے علاوہ افغانستان میں بھی انکے مرید تھے۔ انکے انتقال کے بعد مولانا محب اللہ صاحب مدظلہ نے اپنے والد صاحب ملا نواب رحمۃ اللہ علیہ سے سلوک کا سلسلہ جاری رکھا۔ بقول مولانا محب اللہ صاحب مدظلہ کے ''والد صاحب مجھے بار بار اپنے سامنے بٹھاتے تھے اور تیز توجہات سے نوازتے تھے۔ انکا کہنا ہے کہ ایک دن میں والد صاحب کے سامنے بیٹھا ہوا تھا کہ انھوں نے تیز توجہ ڈالنا شروع کی ایسا محسوس ہوتا تھا کہ یہ دنیا کا منظر نہیں بلکہ آخرت کا منظر ہے''۔ 1988ء میں حضرت ملا نواب رحمۃ اللہ علیہ فوت ہوئے۔ مولانا مدظلہ فرماتے ہیں کہ والد صاحب کی وفات کے بعد میں سوچتا تھا کہ جب مرشد فوت ہو جائے تو دوسرے مرشد کی ضرورت نہیں مگر کتاب میں دیکھا کہ مرشد کی وفات کے بعد زندہ مرشد سے تعلق بنانا ضروری ہے۔ اسی غرض سے میں نے مختلف مقامات کا سفر کیا۔ اس دوران کسی نے مجھے حضرت خواجہ خان محمد رحمۃ اللہ علیہ کا بتایا۔ میں نے استخارہ شروع کیا۔ اس کے بعد میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت خواجہ خان محمد رحمۃ اللہ علیہ نے مجھ پر توجہ کی۔ توجہ کے انوارات اتنے زیادہ تھے کہ میری برداشت سے باہر ہو گئے اور میں ایک دم نیند سے بیدار ہوا تو میں نے سوچا کہ وہاں سے حضرت خواجہ خان محمد صاحب نور اللہ مرقدہ کی توجہ اتنی طاقتور ہے تو وہاں جا کر کیا عالم ہو گا۔ غرضیکہ بیعت کی نیت سے حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب نور اللہ مرقدہ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور حضرت نے مجھے سلسلہ نقشبندیہ میں بیعت فرمایا۔ مولانا محب اللہ صاحب مدظلہ 22 سال حضرت خواجہ خان محمد صاحب کی خدمت میں رہے۔ اسی دوران 1995ء کے ماہ رمضان میں حضرت خواجہ خان محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے مولانا محب اللہ صاحب مدظلہ کو خلافت سے نوازا۔

حضرت خواجہ خان محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی حیات مبارکہ میں مولانا محب اللہ صاحب مدظلہ بیعت نہ فرماتے تھے اور مدرسہ عربیہ سراجیہ سعدیہ کی شب و روز خدمت میں لگے رہتے۔ حضرت خواجہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کے کچھ عرصہ بعد تک بھی مولانا نے بیعت نہ فرمائی، پھر بیعت فرمانا شروع کر دی اور ساتھ ہی ساتھ مریدین کے تزکیہ نفس کے واسطے نزد کمشنری لورالائی میں

’’خانقاہ سراجیہ سعدیہ نقشبندیہ‘‘ کی بنیا د رکھی جو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آنے والے مریدین کیلئے نعمت عظمیٰ ہے۔ خانقاہ میں ذکر اللہ اور مراقبات کی ترتیب اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے چل رہی ہے۔ نیز آنے والے مریدین کے کھانے اور رہائش کا انتظام بھی ہے۔ اللہ تعالیٰ توفیق آسانی اور قبولیت نصیب فرمائے (آمین)۔

خانقاہ و مدرسہ سراجیہ سعدیہ نقشبندیہ کی ویب سائٹ کا تعارف

حضرت مولانا محب اللہ صاحب مدظلہ کی ویب سائٹ کا نام WWW.MUHIBULLAH.COM ہے۔ اس ویب سائٹ پر حضرت مولانا محب اللہ صاحب مدظلہ کے مضامین اور بیانات ہیں۔ سخت بیماریوں اور مصائب کا یقینی علاج نہایت مفید اور عوام میں بے حد مقبول ہے۔ دس اعمال، دس تاثرات، دس مضامین پر مشتمل اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کا طریقہ، فتنہ مماتی، فتنہ این جی اوز جیسے معلوماتی مضامین سے لوگ پوری دنیا میں استفادہ کر رہے ہیں۔ اس سائٹ پر سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کی بیسیوں کتب دستیاب ہیں۔ مکتوبات مجددیہ اور مکتوبات معصومیہ اردو اور فارسی میں دستیاب ہیں۔ ذکر اللہ پر خوبصورت مضامین، آپکے مسائل اور انکا حل، عملیات اور وظائف سے ہر خاص و عام استفادہ کر سکتا ہے۔ اس سائٹ پر حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہید رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت مولانا عبدالغفور صاحب مدظلہ العالی کے سینکڑوں اصلاحی بیانات سنے جا سکتے ہیں۔ عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ اور ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے موضوع پر مختلف مصنفین کی 200 کتابیں، 200 رسالے، 200 مضامین اور بڑے حضرات کے سینکڑوں بیانات شامل کئے گئے ہیں۔ مجاہدین ختم نبوت کے تذکرے، فتنہ قادیانیت پر تبصرے اور فتنوں کے متعلق بیش بہا معلومات اس سائٹ سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔ انٹرنیٹ سے منسلک لوگوں سے درخواست ہے کہ خود بھی استفادہ کریں اور اپنے دوست احباب کو بھی استفادہ کی دعوت دیں۔ اللہ پاک توفیق عطا فرما کر قبولیت اور رضامندی نصیب فرمائیں۔ آمین

مدرسہ عربیہ سراجیہ سعدیہ کا تعارف

یہ قبہ والی مسجد اور مدرسہ سراجیہ سعدیہ کچی اینٹوں سے تیار ہوا ہے۔ مسجد کے نیچے دس زیرزمین کمرے اور ایک بڑا ہال ہے جس میں 100 طلباء رہائش کر سکتے ہیں۔ تعمیرات کا کام جاری ہے۔
مدرسہ میں شعبہ حفظ، شعبہ کتب اور شعبہ بنات ہے جس میں چار سو کے قریب طلباء وطالبات زیر تعلیم ہیں۔
اللہ تعالیٰ تمہاری زکوۃ، خیرات اور صدقات وغیرہ کا محتاج نہیں ہے بلکہ تم مدارس اور غریبوں کو زکوۃ، صدقات دینے میں محتاج ہو جیسے کہ تم اپنے خالق کو راضی کرنے کے لئے اور اپنی آخرت بنانے کے لئے نماز، روزہ، حج وغیرہ کے محتاج ہو۔ مدارس کی خدمت دین کی حفاظت، رضائے الٰہی اور نجات کا ذریعہ ہے۔ دین کی حفاظت کے لئے جان، مال، وقت اور ضرورت پڑنے پر سر دینا بھی ضروری ہے۔ اسی وجہ سے بندہ ناچیز محب اللہ عفی عنہ مدرسہ کی خدمت کرتا ہے اور آپ کو تعاون کی ترغیب دیتا ہے۔ اگر آپ تعاون نہ کریں تب بھی مدرسہ کے انتظامات تو اللہ پاک چلا دیں گے، مگر آپ کا فائدہ ہے کہ آپ اس کام میں حصہ لیں کیونکہ حدیث شریف میں ہے کہ عالم بن یا طالب علم بن یا ان کا خادم بن چوتھا نہ بن ہلاک ہوجائیگا۔ لہٰذا آپ سے درخواست ہے کہ ماہانہ، سالانہ مقرر کر کے یا بغیر مقرر کئے زکوۃ، صدقات اکاؤنٹ نمبر **145600189169-03** بنام محب اللہ، حبیب بنک لمیٹڈ لورالائی یا مدرسہ کے پتہ پر منی آرڈر کروائیں یا دوسروں کو ترغیب دیں۔ آپ کی رقم کے خرچ کی تفصیل بھی بتائی جا سکتی ہے نیز مدرسہ سرکاری امداد نہیں لیتا۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنے دربار میں قبول فرمائے اور اجر عظیم نصیب فرمائے۔ (آمین)

بندہ ناچیز محب اللہ عفی عنہ
خادم: مدرسہ عربیہ سراجیہ سعدیہ
نزد: کمشنری لورالائی بلوچستان (پاکستان)
فون: 0824-411082 موبائل: 0333-3807299 0302-3807299

www.maarifulislam.com